# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

صوبائی اسمبلی کا اجلاس اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سنیچر مورخہ 29 مارچ 2008ء بمطابق 20 ربیع الاول 1429ھ صبح دس بجکر پچپن دس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب صدر نشین، ارباب محمد ایوب جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

**اعوذ باالله من الشیطان الرجیم۔ بسم الله الرحمان الرحیم**

**إِنَّ ٱللَّهَ يَأۡمُرُ بِٱلۡعَدۡلِ وَٱلۡإِحۡسَـٰنِ وَإِيتَآيِٕ ذِى ٱلۡقُرۡبَىٰ وَيَنۡهَىٰ عَنِ ٱلۡفَحۡشَآءِ وَٱلۡمُنكَرِ وَٱلۡبَغۡىِۚ يَعِظُكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُونَ O وَأَوۡفُواْ بِعَهۡدِ ٱللَّهِ إِذَا عَـٰهَدتُّمۡ وَلَا تَنقُضُواْ ٱلۡأَيۡمَـٰنَ بَعۡدَ تَوۡكِيدِهَا وَقَدۡ جَعَلۡتُمُ ٱللَّهَ عَلَيۡكُمۡ كَفِيلاًۚ إِنَّ ٱللَّهَ يَعۡلَمُ مَا تَفۡعَلُونَ۔**

(ترجمہ): بے شک اللہ انصاف کرنے کا اور بھلائی کرنے کا اور رشتہ داروں کو دینے کا حکم کرتا ہے اور بے حیائی اور بری بات اور ظلم سے منع کرتا ہے تمہیں سمجھاتا ہے تاکہ تم سمجھو-اور اللہ کا عہد پورا کرو جب آپس میں عہد کر و اور قسموں کو پکا کرنے کے بعد نہ توڑو حالانکہ تم نے اللہ کو اپنے اوپر گواہ بنایا ہے بے شک اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

## سپیکر کا انتخاب

جناب صدر نشین: کل جناب انور سیف اللہ خان ہاؤس میں موجود نہیں تھے، اگر وہ آ گئے ہوں تو ان سے حلف لیا جا سکتا ہے۔ معزز ارکان صوبائی اسمبلی! سپیکر کے عہدے کیلئے جناب کرامت اللہ خان صاحب کا نام تین ارکان اسمبلی نے تجویز کیا ہے، جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں: جناب رحیم داد خان، PF-27 ، جناب ملک طہماش خان، PF-8 پشاور، جناب بشیر بلور صاحب، PF-3 پشاور۔ چونکہ مذکورہ عہدے کیلئے کسی دوسرے معزز رکن کا نام ان کے مدمقابل تجویز نہیں کیا گیا ہے، لہذا جناب کرامت اللہ خان کو سپیکر کے عہدے کیلئے بلامقابلہ منتخب قرار دیا جاتا ہے۔

(تالیاں)

جناب صدر نشین: معزز ارکان اسمبلی! اس سے پہلے کہ میں نو منتخب سپیکر کو حلف عہدہ کیلئے مدعو کروں، میں چند باتیں آپ کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں۔ Honourable Members and Elected Speaker! سب سے پہلے تو میں معزز ارکان اسمبلی کو مبارکباد دیتا ہوں اور جو Good gesture، اپنی صوبائی اسمبلی کی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے ہمارے معزز ارکان اسمبلی نے اس دفعہ پھر اتفاق اور اتحاد کا ایک مظاہرہ کیا، میرا دل بہت خوش ہے کیونکہ صوبہ سرحد کی روایات جو ہماری پختونوں کی روایات ہیں، ہمیشہ ہم ایسے معاملات باہم افہام وتفہیم سے حل کرتے ہیں۔ آئین کے مطابق سپیکر صاحب کا انتخاب ہوا تو حلف عہدہ دلانے کے بعد میری ذمہ داری بحیثیت پریذائڈنگ آفیسر ختم ہو چکی ہے لیکن بحیثیت ممبر میں آپ کے ساتھ رہوں گا۔ آپ کے متعلقہ حلقوں کے عوام نے جس اعتماد کے ساتھ آپ کو اس ایوان میں بھیجا ہے اور جو اہم ذمہ داریاں آپ کو سونپی ہیں، اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ آپ کو اس سے بہتر طریقے سے عہدہ برآ ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

معزز ارکان اسمبلی! جمہوری نظام حکومت میں حزب اقتدار اور حزب اختلاف ایک گاڑی کے دو پہیوں کی حیثیت رکھتی ہیں اور اگر ایک پہیہ بھی اپنا کام صحیح طریقے سے نہ کرے تو گاڑی کا منزل مقصود تک پہنچنا نہ صرف مشکل بلکہ ناممکن ہو جاتا ہے۔ حزب اختلاف حکومت کے کاموں اور منصوبوں کا احتساب کرتی ہے اور جہاں کہیں بھی کوئی کمی یا کوتاہی پائی جائے تو ایوان میں اس کی نشاندہی کرتی ہے اور اس کی تعمیری تنقید کا حق ہے۔ معزز ارکان اسمبلی! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے میں اس ایوان سے کئی بار ممبر منتخب ہو چکا ہوں اور یہ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ صوبہ سرحد اسمبلی میں حزب اختلاف اور حزب اقتدار نے ہمیشہ تمام مسائل کو

بھائی چارے، خوش اسلوبی سے حل کرنے کی کوشش کی ہے، لہذا میں امید رکھتا ہوں کہ ماضی کی طرح حال اور مستقبل میں اسی طرح کی فضا قائم رکھی جائے گی۔ اس سے پہلے کہ میں اپنی Speech کو ختم کروں، میں اسمبلی سیکرٹریٹ کے سٹاف کا مشکور ہوں کہ انہوں نے کل کے سیشن کیلئے اور آج کے سیشن کیلئے بھرپور محنت کی، صحیح انتظامات کئے، پولیس ڈیپارٹمنٹ کا خاص کر میں بہت مشکور ہوں اور سول ایڈمنسٹریشن کا بھی میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنی ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے سرانجام دیں۔

## حلف وفاداری سپیکر

جناب صدر نشین: اب میں نو منتخب سپیکر سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ ڈائس پر آکر اپنے عہدے کا حلف اٹھائیں۔ (تالیاں)

(اس مرحلہ پر جناب کرامت اللہ خان نے بحیثیت سپیکر صوبائی اسمبلی حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ الف میں ملاحظہ ہو)

(تالیاں)

(جناب سپیکر کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب! مائیک آن کړئ۔

## سپاس تہنیت

جناب بشیر احمد بلور: بنه بس ټهیک شو۔ زه بیا Repeat کوم، جناب سپیکر صاحب! زه تاسو ته Unelected، بغیر د الیکشن نه، Un-opposed الیکشن باندے مبارکباد درکوم او زه دا وایم چه دا به د پاکستان په تاریخ کښ یو داسے سنهری باب په حیثیت لیکلے کیږی، دا یو ریکارډ دے چه پاکستان کښ اوسه پورے چرته Un-opposed سپیکر نه دے Electشوے، تاسو نن Un-opposed elect شوے، زه د خپل ټولو اپوزیشن لیډرانو صاحبانو، درانی صاحب، سکندر شیرپاؤ خان، قلندر لودهی صاحب او د دوئ لیډران امیر مقام صاحب، آفتاب شیرپاؤ خان صاحب او مولانا مفتی محمود صاحب هم شکریه ادا کوم چه دوئ دا ثابته کړله، د مولانا فضل الرحمن صاحب شکریه ادا کوم چه دوئ دا ثابته کړله دے ځل چه مونږ د خدائے فضل سره دا جرګه، چه مونږ خبره کوؤ چه دا جرګه چه دے دا زمونږ یو Institution دے او د دے جرګے نن دا فائده ده چه

مونږ د دوئ خدمت کښې حاضر شو، مونږ جرګه اوکړله او د دوئ شکر ګزار یو چه دوئ زمونږ دا جرګه او منله او نن خدائے فضل سره تاسو Un-opposed elect شوے او په دے کرسئ ناست ئے۔ سپیکر صاحب! ډیر لوئے، مخکښې حالات داسے دی چه مونږ ته ډیر لوئے مشکلات دی، دے حکومت ته ډیر لوئے مشکلات دی، دے کښې تاسو ټولو نه مخکښې دا Law and order situation دے زمونږ د صوبے، د دے باره کښې ډیر لوئے تکلیفات دی۔ سپیکر صاحب! ورسره مهنګائی،بیروزګاری، لوډ شیډنګ، نن دا مونږ ټول چه دلته ممبران ناست یو سپیکر صاحب، دے کښې دے خلقو چه مونږ ته دومره Confidence vote راکړے دے او دا دومره لوئے ستاسو دا اسمبلی، دلته خلق مونږ ناست یو، دے ټولو ته، دا رشتیا خبره ده چه د خلقو، د عوامو ډیر شکر ګزار یو چه هغوی دومره لوئے مینډیټ زمونږ پارټو ته ورکړے دے او مونږ د هغوی دا کوم مشکلات چه دی سپیکر صاحب، دے کښې کوشش به کوؤ چه انشاءالله زمونږ دا حکومت ستاسو په مرسته او ستاسو په Good wishes باندے انشاءالله مونږ به کوشش کوؤ چه په دے مونږ قابو راولو۔ سپیکر صاحب! د ټولو نه زیات پرابلم چه دے هغه زمونږ ه بیروزګاری، مهنګائی او دے سره سره چه کوم زمونږ صوبه کښې دا حالات داسے دی او مونږ ته عموماً دا خلق دا سے وائی چه، دےForeigner ته هم مونږ دا، دوئ ته هم دا اوښودل نن د خدائے فضل سره،America ته او یورپین خلقو ته چه هغوی دا وائی چه بغیر د ټوپک نه مسئلے نه حل کیږی۔ مونږ هغوی ته نن اوښودل چه زمونږ دا جرګه سسټم دومره مضبوط سسټم دے چه خدائے فضل سره مونږ د دے جوګه یو چه څنګه دا مونږ اسمبلئ کښې ثابته کړله چه مونږ په جرګو باندے داسے Unanimous الیکشن کوؤ نو دا مونږ د دے، هغه مونږ ورته یو Message ورکړو چه انشاءالله زمونږ دے صوبه کښې چه کوم Law and order situation حالات داسے دی، مونږ به انشاءالله په دے جرګو باندے دا حل کوؤ او په دے فخر کوؤ چه زمونږ دا بنیادی مسئله چه ده، خدائے فضل سره عدم تشدد چه دے، دا عدم تشدد مینه او محبت کوی، تشدد چه دے نفرت پیدا کوی۔ انشاءالله مونږ به په دے باندے قابو راولو او مونږ دا هم خپل قام سره اوخپلو خلقو سره وعده کوؤ چه انشاءالله

کومه مهنگائی، بیروزگاری ده دا خو زمونږ د وس خبره نه ده خو بیا هم زمونږه مرکز کښې هم حکومت دے، مونږ به مرکزی حکومت ته هم خواست کوؤ او زمونږ دا خپل چه کوم وسائل دی سپیکر صاحب، زمونږ د صوبے، زما یقین دے چه زمونږ دے ټولو ملګرو چه کوم Cooperation مونږ سره نن په دے الیکشن کښې اوکړو، دوئ به انشاءالله مونږ سره د خپلے صوبے د وسائلو د پاره به هم دغه شانتے، یو ځائے به ولاړیو او مونږ به د خپلے صوبے حقوقو د پاره، چه کوم زمونږ دا، زه په دے هم فخر کوم سپیکر صاحب! چه دا بنیاد چه دے دا زمونږ پارټئ، د ټولو نه بنیادی مسئله چه ده هغه زمونږ صوبائی حقوق او زمونږ خپل وسائلو باندے خپل اختیار۔ زمونږ سپیکر صاحب، وسائل دومره زیات دی، ما مخکښې اسمبلئ کښې یو قرار داد پیش کړے وو، زه مشکوریمه د هغه وخت حکومت نه، ما دا قرارداد پیش کړے وو چه ټول پاکستان چه کله نه جوړ دے، زمونږ ټول وسائل چه دی د ټولو صوبو نه مرکز واخلی او بیا په خپله خوشحالئ باندے، په خپله خوښه نیشنل فنانس کمیشن په Through مونږ ته هغه پیسے راکوی۔ کله د پاپولیشن په بنیاد راکړی، کله د Under develop علاقے په بنیاد راکوی نو ما دا قرار داد پیش کړے وو چه پکار دا ده چه دوئ یو ځل، دا ټول وسائل چه دی خپلے صوبے ته د ملاؤ شی، د هر یو صوبے خپل وسائل د هغے صوبے ته ملاؤ شی او بیا د هغه صوبے د مسائل په حساب وسائل چه دی هغه راشی نو بیا د هر یو ایم۔این۔اے په حیثیت نمبر وائز مونږ به هغه پیسے مرکز ته ورکړو چه مرکز خپل حکومت او چلوی۔ زه مشکور یمه د هغه وخت د حکومت چهUnanimous مونږه دا قرار داد پاس کړے وو خو زمونږ بد قسمتی دا ده چه مونږ قرار دادونه پاس کړو خو مرکز د هغے قراردادونو هیڅ اهمیت نه ساتی۔ زما یقین دے انشاءالله دے ځل چه زمونږ دلته متفقه قراردادونه پاس شی نو مرکز کښې ولے چه زمونږ د دے ټولو پارټو مشترکه حکومت دے چه هغے باندے د خا مخا عمل درآمد اوشی۔ سپیکر صاحب! وسائل په حساب باندے خدائے فضل سره زه دعوے سره وایم چه زمونږ دا صوبه چه ده، دا ټولو کښې مالدارترینه صوبه ده۔ سپیکر صاحب، ټوله دنیا کښې، ټول پاکستان کښې بجلی چه ده، هغه په Furnace oil باندے جوړیږی او زما صوبه کښې بجلی په

اوبو جوړیږی، هائیډل پاور باندے جوړیږی او بد قسمتی دا ده چه په شپته کاله کښې صرف یو ډیم، پاکستان کښې دوه ډیمونه جوړ دی او دا غازی بروتهه هم جوړ شو، دا هم ډیر ورکوټے غوندے ډیم دے او چا هډو، دے حکومتونو په دے خیال نه دے کړے چه د بجلئ په ځائے دا څومره چه د دے Consumption دے، پروډکشن نشته او مونږ دا سے ټولو کلو ته بجلی ورکوؤ او د پروډکشن هیڅ انتظامات مونږ نه دی کړی۔ دے باره کښې هم مونږ څو څو ځله مرکزی حکومت ته پوائنټونه ښودلے دی چرته نه چه مونږ زیات نه زیات بجلی پیدا کولے شوخوهغے باندے عمل نه دے شوے۔ زما یقین دے انشاءاللّٰه چه دے ځل له حکومت، مرکزی حکومت ټولو نه مخکښې د ډیمونو سوچ به کوی او د بجلئ د پروډکشن د پاره به کوشش کوی۔ سپیکر صاحب! خدائے مونږ ته دومره وسائل راکړی دی چه مونږ خالی په دے، غرونه دی او اوبه دی، خالی یو بند تړو نو پاور، بجلی ته پاور وائی په نوے ټیکنالوجی کښې، نو دا دومره پاور مونږ جوړولے شو او په اته آنے او په لس آنے یونټ مونږ دا بجلی جوړولے شو خو بد قسمتی دا ده چه څوک دے طرف ته فکر نه کوی او بیا دےFurnace oil باندے چه بجلی جوړیږی سپیکر صاحب، هغه په شپږ روپئ او شپږ نیمے روپئ یونټ جوړیږی او دا هم زمونږ بد قسمتی ده چه پیښور نه کراچئ پورے د بجلئ یو ریټ دے ،هیچرته پکښې هم دغه نشته خو چه کله، بجلی چه ده هغه د مرکز ده، زما ګیس ګرګرئ کښې پیدا شو دا د مرکز دے، زما تمباکو چه دی هغه پیدا کیږی او اربونو روپئ د هغے ایکسائز ډیوټی ده هغه مرکز سره دی او چه بیا د غنمو وخت راشی نو هغه د پنجاب دی۔ د اوړه وخت راشی نو اوړه ګران شی نو هغه بیا پنجاب مونږ باندے بند کړی وائی چه ځئ زمونږ خپل بچی به مخکښې هغه استعمال کړی، د هغے نه پس چه کوم بچ شی تاسو ته به ورکوؤ، نو سپیکر صاحب! دا زمونږه یو استحصال کیږی، د دے باره کښې هم به مرکزی حکومت سره خبره کوؤ، شرط دا دے چه زما بجلی یو ریټ ده نو پکار ده چه د اوړو ریټ هم ټول پاکستان کښې بیا یو شانتے وی۔ سپیکر صاحب، زمونږ مسائل ډیر زیات دی وسائل زمونږ دومره نشته، وسائل ډیر دی خو د بل چا په قبضه کښې دی، او که دا وسائل ما ته راکړی نو زه دعوے سره وایم سپیکر صاحب چه زما د صوبے

نه مالداره صوبه دے پاکستان کښې بله صوبه نشته۔ سپیکر صاحب! زما یقین دے انشاءالله چه ستاسو په مشرئ کښې او د هاؤس د دے Coordination او Cooperationسره چه کوم مونږ دلته ستاسو الیکشن اوکړو، زما یقین دے انشاءالله چه مونږ به دا خپلے مسائلے قابو کوؤ او انشاء الله چه کوم، څنګه چه عوامو په مونږه اعتماد کړے دے هغه اعتماد باندے به انشاء الله مونږ کوشش کوؤ چه مونږ پوره ځان اوګرځو ؤاو انشاءالله یقین هم دا دے جی، چه Where there is a well there is a way ، زمونږ نیتونه صفا دی نو انشاءالله خدائے پاک به زمونږ مرسته کوی۔ یو ځل بیا د خپلو ټولو ممبرانو صاحبانو خپل د پارټئ طرف نه، خپل حکومت د طرف نه شکریه ادا کوم چه دوئ یو داسے Unanimously تاسو Elect کړئ او زما انشاءالله یقین دے چه مخکښې به هم دغه شانتے مونږ یو ځائے او یو شانتے چلیږو او خپل د صوبے مسائل به حل کوؤ۔ ډیره مننه، ډیره شکریه۔

<u>جناب سپیکر:</u> قلندر لودھی صاحب۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ مائیک آن کریں۔

<u>جناب قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر صاحب! میں اپنی اور اپنی جماعت کی طرف سے آپ کو Un-opposedالیکشن پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اس موقع پر یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ یہ Un-opposedالیکشن کیسے ممکن ہوا؟ یہ اس وجہ سے ممکن ہوا کہ صوبے کی دو بڑی جماعتوں، جنہیں عوام نے مینڈیٹ دیا تھا، کے قائدین، ان کے صوبائی صدور، ان کے نامزد وزیر اعلیٰ، آپ سپیکر صاحب، ڈپٹی سپیکر، آپ کے سینئر وزراء، نامزد سینئر وزراء، آپ کے نامزد وزراء، آپ کی پارٹی کے Elected Members، انہوں نے بروقت جرگے Arrange کئے اور آپ نے بروقت اپوزیشن میں بیٹھنے والی جماعتوں، جے یو آئی، پاکستان مسلم لیگ، پی پی پی شیر پاؤ کے ساتھ آپ نے جرگے منعقد کئے اور انہوں نے آپ سے، ہمارے قائدین نے آپ سے ٹائم مانگا اور اس کے بعد انہوں نے اپنے پارلیمانی لیڈرز، ایم۔پی۔ایز اور اپنے ذمہ داران سے مشورے کے ساتھ آپ کے ساتھ (تالیاں) اور عوام کے بھاری مینڈیٹ کی قدر کرتے ہوئے، جنہوں نے ان پارٹیوں کو بھاری مینڈیٹ دیا ہے اور صوبے کی بہتری کیلئے اور ملکی حالات کو دیکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا کہ ہم ایک نئی روایت قائم کرتے ہیں اور ہم سپیکر، ڈپٹی سپیکر اور لیڈر آف دی ہاؤس کو Un-opposed elect کریں گے اور اس سے ہمارے ملک اور دوسرے صوبوں

کو ایک بہت اچھا Message جائے گا اور یہ اس لئے کیا گیا، یہ سب کچھ اس لئے کیا گیا کہ ہم آنے والی گورنمنٹ کے ہاتھ مضبوط کریں تاکہ یہ جو ملکی حالات ہیں، امن و امان کا مسئلہ ہے اور اس کے ساتھ بیروزگاری کا مسئلہ ہے، غربت کا مسئلہ ہے، لوڈ شیڈنگ کا مسئلہ ہے، مرکز سے اپنا حق، صوبے کا حق لینے کا مسئلہ ہے اور اس کی سپورٹ میں ہم نے آپ کو Un–opposed لایا ہے تاکہ آپ آسانی سے، خوش اسلوبی سے ان ساری باتوں کو سر انجام دے سکیں اور صوبے کیلئے آپ کوئی بہتر ریلیف اور کوئی بہتر کارکردگی کر کے اپنے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں۔ جناب سپیکر! یہ اس لئے سب کچھ کیا گیا تاکہ گورنمنٹ کو مضبوط سے مضبوط تر کیا جائے لیکن ساتھ میری یہ ریکویسٹ ہو گی کہ ہمارے جو مسائل ہیں، بشیر بلور صاحب نے بھی ابھی ذکر کیا، میں نے بھی کر دیا اور ہر ایک کے علم میں ہے لیکن کچھ تھوڑا سا غم بھی ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم کسی نہ کسی کی بات میں آکر ایسے فروعی مسئلوں میں الجھ جائیں جس سے ہمارا یہ جو اتحاد ہے اور ہم نے جس Unity سے یہ فیصلے کئے ہیں، اس میں کوئی تصادم نہ آجائے اور میری یہ دعا ہے کہ اللہ کرے یہ ہاؤس بڑی خوش اسلوبی سے چلے اور صوبے اور ملک کیلئے بہتر ثابت ہو، بہتر مثال اور اپنے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں۔ شکریہ سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر</u>: پیر صابر شاہ صاحب۔

<u>سید محمد صابر شاہ</u>: بہت شکریہ۔ سپیکر صاحب! اس معزز ایوان میں بطور سپیکر آج آپ کا انتخاب ہوا ہے اور یقیناً یہ لمحہ آپ کیلئے اور میں تو یہ کہونگا کہ ہم سب کیلئے یہ لمحہ انتہائی مبارک لمحہ ہے۔ سپیکر جو اس اسمبلی کا کسٹوڈین ہوتا ہے، اس کا انتخاب، یقیناً تمام ممبران کی امیدیں ان سے وابستہ ہوتی ہیں اور ہاؤس کا ہر ممبر سپیکر کی طرف دیکھتا ہے لیکن جناب سپیکر آج جو آپ کا انتخاب ہوا ہے، آپ اس لئے بہت زیادہ مبارکباد کے مستحق ہیں کہ آج اس صوبے کے اندر بطور سپیکر نہ صرف آپ کا انتخاب ہوا ہے بلکہ اس معزز ایوان نے ایک نئی تاریخ مرتب کی ہے اور وہ تاریخ ہے رواداری کی، وہ تاریخ ہے ساتھ چلنے کی، وہ تاریخ ہے کہ اس معزز ایوان کا جو کسٹوڈین ہے اس پر اعتماد کیا ہے پورے ہاؤس نے، یہاں کی تمام جماعتوں نے۔ میں جہاں آپ کو مبارکباد دیتا ہوں، جہاں حکومتی جماعتوں کو مبارکباد دیتا ہوں وہاں اس سے بڑھ کر زیادہ مبارکباد کے مستحق اپوزیشن کی وہ جماعتیں ہیں جنہوں نے آپ کے انتخاب میں، (تالیاں) آپ کے مقابلے میں اپنا امیدوار نہ لا کر اور آپ کو Un opposed، بلا مقابلہ آپ کا انتخاب کیا اور اس صوبے کی تاریخ میں ایک خوبصورت باب کا اضافہ کیا ہے۔ میں ایک دفعہ پھر اس ہاؤس کے معزز ممبران

کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ جناب سپیکر! وہ اکثر کہا جاتا ہے کہ یہ ذمہ داری، یہ منصب یقیناً بہت بڑی ذمہ داری ہے اور بڑے عزت اور تکریم کا مقام ہے جو اللہ نے آپ کو بخشا ہے لیکن جناب سپیکر آپ جس منصب جلیلہ پر اس وقت تشریف فرما ہیں، جہاں پر آپ کو بٹھایا گیا ہے اور جو ذمہ داریاں آپ کے کندھوں پر ڈالی گئیں ہیں، اس کے بارے میں اگر اس معزز ایوان کی، آپ کی ذات کی اگر میں گستاخی نہ کروں تو میں یہ کہونگا کہ یہ یقیناً پھولوں کی سیج نہیں ہے، یہاں آپ کو پھونک پھونک کر کانٹوں پر چلنا پڑے گا۔

جناب سپیکر! یہ منتخب ایوان، یہ ممبران اپنے اپنے حلقوں سے اس صوبے کے عوام کے اعتماد کو لے کر یہاں پر آئے ہیں اور یہی سے انہوں نے اپنے حلقوں کے حقوق، اس صوبے کے حقوق، اس کیلئے اسی ایوان سے آواز بھی اٹھانی ہے۔ میں امید رکھتا ہوں ہمارے امیر حیدر صاحب جو متفقہ ہمارے چیف منسٹر ہیں، ان کو بھی اگر میں خراج تحسین یا ان کی جماعت کو، یقیناً پیپلز پارٹی بھی اس میں شامل ہے، اگر میں خراج تحسین پیش نہ کروں کہ جو Initiative لیا گیا اتفاق اور اتحاد کیلئے، اس میں ان کا بھی بڑا رول ہے، یہ بھی مبارکباد کے مستحق ہیں لیکن جب حکومتی معاملات چلیں گے اور جب ہم نے آگے چلنا ہوگا تو یہاں پر ہر قدم پر جناب سپیکر، ہر لمحے اور ہر قدم پر آپ کا امتحان ہوگا، آپ کو ایک امتحان سے گزرنا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ آپ ایک جماعت سے وابستہ ہیں، آپ کی سیاسی وابستگیاں اور سیاست کے میدان میں بطور ایک کارکن آپ کی اپنی ایک لمبی تاریخ ہے۔ آپ کی اپنی جماعت کے ساتھ بھی وابستگیاں ہیں، اچھے اور برے دن، آپ کی جماعت مشکلات سے گزر کر آج یہاں پر اگر آئی ہے تو میں یہ کہونگا کہ پل صراط سے گزر کر آپ یہاں پر پہنچے ہیں لیکن آپ کی یہ وابستگیاں، جب آپ اس منصب پہ جہاں آج آپ بیٹھے ہوئے ہیں، جب آپ یہاں پر بیٹھتے ہیں تو پھر یہاں پر وہ تمام وابستگیاں پیچھے ہٹ جاتی ہیں اور پھر انصاف ___ اور لوگوں کے حقوق کے تحفظ کی جو ذمہ داریاں آپ پر عائد ہوتی ہیں، ان کا نبھانا انتہائی مشکل کام ہے اور اصل امتحان ہی یہی ہے اور یہی آپ پر Depend کر رہا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ہماری آنے والی حکومت بڑے بڑے چیلنجز، چونکہ یہ وقت نہیں ہے، میرے بھائی بشیر بلور صاحب نے کافی چیزوں کا احاطہ کیا میں اس پر بات نہیں کرونگا لیکن بڑے بڑے چیلنجز ہیں اور بڑی بڑی لڑائیاں ہیں جو ہم نے لڑنی ہیں، اپنی ذات کیلئے نہیں بلکہ اس صوبے کیلئے، اس صوبے کے عوام کیلئے، اس صوبے کے حقوق کی خاطر بڑی بڑی لڑائیاں یہاں پر لڑی جائینگی لیکن ہر فریق کی جو نظر ہے وہ آپ کی ذات پر ہوگی۔ اس لئے میں آپ سے یہ توقع رکھتا ہوں کہ آپ جہاں پر ایک غیر جانبدار حیثیت سے، جہاں پر آپ بیٹھے ہیں آپ اپنے اس

مقام کو، کماحقہ آپ اپنے فرائض ادا کریں گے اور دوسری طرف میں آپ سے یہ بھی گزارش کرونگا کہ آپ کی طرف سے جو احکامات آئیں گے اس میں اس صوبے کی بگڑتی ہوئی صورتحال، یہاں پر لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ، بڑے بڑے مسائل لیکن جناب سپیکر، ایک دو دن کے اندر میں نے اپنا جو تجزیہ کیا ہے، وہ میں نے یہ دیکھا ہے کہ آٹھ سال میں یہاں بہت بڑی تباہیاں ہوئی ہیں، وہ آج مجھے نظر آرہا ہے کہ آج ہمارے ادارے جو ہیں وہ بالکل تباہی کے کنارے پر پہنچ چکی ہیں۔ اب ان اداروں کی تصحیح، پروفیشنلز کو لانے کی، ان کو چیک کرنا، ان لوگوں پر ایک ایسی نظر رکھنا اور ان کے قبلے کو درست کرنا یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے اور ہر ایک نے، چاہے وہ حکومت کا نمائندہ ہو چاہے وہ اپوزیشن کا نمائندہ ہو، اپنا دکھ اپنا درد، اپنی مشکل اور اپنے مسائل اٹھا کر آپ کے گلے میں ڈالنا ہے۔ تو جناب سپیکر، ہم توقع رکھتے ہیں کہ آپ انشاء اللہ اپنی ذمہ داریوں کو پورا کریں گے۔ میں مسلم لیگ (ن) کی طرف سے جناب سپیکر، آپ کو میں اپنی جماعت کی طرف سے مبارکباد کے ساتھ ساتھ مکمل تعاون کا یقین دلاتا ہوں، ہر قدم پر انشاء اللہ تعالیٰ ہمارا تعاون آپ کے ساتھ رہے گا اور آپ جو بھی ذمہ داریاں ہم پر ڈالیں گے، آپ کی طرف سے جو بھی تعاون کا ہاتھ بڑھے گا انشاء اللہ ہم آپ کا ساتھ دیں گے۔ آخر میں میں اور تو کچھ نہیں کہتا، میں شعر بھی نہیں پڑھونگا لیکن میں دعا ضرور کرونگا کیونکہ اس وقت شعر سے زیادہ آپ کیلئے دعاؤں کی ضرورت ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو کامیاب کرے اور جو ذمہ داریاں آپ کے کندھوں پر ڈالی گئی ہیں انکو آپ کماحقہ پورا کر سکیں۔ بہت مہربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب رحیم داد خان صاحب۔ گزارش ہے کہ مائک کا بٹن ایک دفعہ دبائیں، گرین لائٹ آن ہو جائے تو چھوڑ دیں، دوبارہ بٹن پریس نہ کریں خود بخود آن ہو جائے گا۔

<u>جناب رحیم داد خان:</u> بڑی مہربانی۔ جناب سپیکر! د دے نه مخکښې چه زه تاسو له مبارکی درکړم، موجود د دے اسمبلئ پارليمانی ليډرز او ممبرز صاحبان Independents، چه کوم دی، هغوی د مبارکبادئ مستحق دی او شکريه ادا کومه چه نن بيا هغه مظاهره اوشوه چه 1974 کښې کومه يو مظاهره شوے وه چه هغه وخت کښې هم د پاکستان پيپلز پارټئ يو نامزد سپيکر محمد حنيف خان مرحوم Un opposed راغلے وو او نن بيا هغه روايت زمونږه د صوبے چه کوم دے هغه بيا تازه شو۔ جناب سپيکر! يو ډير لوئے مينډيټ تاسو حاصل کړلو او يو غټه ذمه واری ستاسو په اوږو باندے کيښودے شوه چه د دے هاؤس خومره پارټئ دی، هغوی په تاسو باندے د اعتماد اظهار اوکړلو نو انشاءالله تعالیٰ

تاسو به د دوئ آواز، دوه خبرے دی یو مقامی دی بل بین الصوبائی دی، مرکزی دی، مقامی دا کوم ممبران چه راغلی دی، دوئ چه چا رالیږلی دی د هغوی مشکلات، د هغوی آواز دلته اوچتیدل او هغوی له حق ورکول او ورسره د پاکستان پیپلز پارټی د یو غړی په حیثیت دے ټول هاؤس سره مونږه ملګری یو۔ هر یو Constituency چه کومه ده، دا د هر چا چه ده دا زمونږه خپله Constituency ده۔ د حقوقو خبرے اوشولے الحمدللّٰه په مرکز کښ هم داسے یو Consensus باندے حکومت جوړ شوے دے چه د هغوی پروګرام کښ زیات نه زیات صوبائی خودمختاری، زه به Specially د پاکستان پیپلز پارټئ اووایمه چه د هغوی منشور کښ هم دا دی چه صوبو له خپل حق ورکړے شی او نن د خوش قسمتئ خبره ده چه اے این پی، پاکستان پیپلز پارټی دلته شریک دی او امید دے چه نون لیګ او نور داسے زمونږه ملګری چه کوم دی، هغوی به هم شریک شی او هغه خپل اتفاق او خپله یکجهتی چه دلته کښ وی نو هله مونږ خپل حق هلته کښ اغستے شو او د هغے دپاره په صوبه کښ هم دغه کوشش وو او په مرکزی سطح باندے هم دغه کوشش دے چه د 1973 آئین په Original form کښ بیا Re instate شی چه دا څومره صوبے دی، وسائل هم ډیر دی خو مسائل چه کوم دی زمونږه هغه زیات ګمبیر دی او هغه دے ځائے کښ یکجهتی او بیا د دے ځائے نه بهر پبلک په اعتماد کښ اغستل، په حکومت کښ شریکول او انشاءاللّٰه تعالیٰ مونږه به دا روایاتی کومه مظاهره چه اوشوه، دے له به د ټهیس ورکولو کوشش نه کوؤ بلکه دا به نور هم مخکښ بیایو۔ الحمد للّٰه دا یو ډیر دروند هاؤس دے چه دوه سابقه چیف منسټران د دے هاؤس ممبران دی۔ سپیکر صاحب، د عبدالاکبر خان هم تجربه ده، هغه هم د دے غړے دے او بیا نور داسے، د کوم کوم به زه ذکر کوم ښکاره دی ټول خلق چه هغه نن په دے هاؤس کښ موجود دی نو مونږ به مقامی کوم تکالیف چه دی او بین الصوبائی کوم حق چه دے، د هغے دپاره به مونږه یو یو او انشاءاللّٰه تعالیٰ هغه مشکلات به نه راځی لکه مخکښ چه څنګه وو، په دے چه زمونږه دا ملک د ډیرو تجربو نه تیر شوے دے او داسے حالات پیدا شوی دی چه Institutions چه څومره دی تباه شوی دی او ډیر داسے مسائل دی، هغه به ډیر محتاط طریقے باندے چه کوم دے مونږه مخکښ ځواو هغه به

حاصلوۀ۔ زما دا خیال وو چه ډپټی سپیکر صاحب به هم حلف اوچت کړی، هغوی له به هم زه مبارکباد ورکړم خو هغوی حلف لا پیش کړے نه دے، زه پیشگی هغوی له مبارکباد ورکومه او ستاسو شکریه ادا کوم۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: جناب اکرم خان درانی صاحب۔ (تالیاں)

جناب اکرم خان درانی: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب! سب سے پہلے میں اس معزز ایوان کے معزز اراکین اسمبلی جنہوں نے کل یہاں پر حلف اٹھالیا، سب سے پہلے ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور آج ان اراکین اسمبلی نے آپ کا بلا مقابلہ انتخاب کیا، میں اپنی طرف سے اور ان سب اراکین کی طرف سے آپ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ (تالیاں) میرا خیال یہ تھا، کل بھی تھوڑی سی عجیب بات ہوئی کہ یہاں پر ممبران اسمبلی نے حلف بھی نہیں اٹھالیا تھا، مجھے عجیب سا لگ رہا تھا کہ یہ کس بنیاد پر کھڑے ہو کر یہاں پر نمائندگی کا اظہار کر رہے ہیں کیونکہ حلف لینے کے بعد ہی یہاں پر یہ حق حاصل ہو جاتا ہے؟ چیئر پر بیٹھنے اور اس کے بعد بات کرنے کی اجازت ہوتی ہے لیکن کل ایک خوشگوار دن تھا اور اس دن کی مناسبت سے میرے خیال میں اگر تھوڑا بہت کچھ ہوا بھی تو یہ بھی محبت کا ایک انداز تھا اور محبت کے انداز میں کبھی کبھی جذباتی پن حاوی ہو جاتا ہے۔ آج بھی میرا یہی خیال تھا کہ آج کے ایجنڈے پر دو ہی بڑی اہم باتیں ہیں، ایک آپ کا انتخاب اور ایک ڈپٹی سپیکر کا انتخاب۔ تو آج کے ایجنڈے پر بھی میرے خیال میں سب کے سامنے ایک ضروری آئٹم اور بھی باقی ہے اور میرے خیال میں یہاں پر پوری میڈیا بھی اور پوری دنیا بھی ہمیں دیکھ رہی ہے کہ یہاں پر تو وہ بڑے لوگ آتے ہیں جو اصولوں کا، اس معزز ایوان کے تقدس کا خیال رکھتے ہیں تو آج بھی اچھا تو یہ ہوتا کہ ڈپٹی سپیکر کا انتخاب بھی ہو جاتا لیکن چونکہ معزز ایوان کے سب ممبران نے بلا مقابلہ اس کا بھی انتخاب کیا ہے، میں خوشدل خان صاحب کو اپنی طرف سے اور پورے معزز ایوان کی طرف سے مبارکباد پیش کرتا ہوں (تالیاں) اور بڑے ادب سے گزارش کرتا ہوں کہ اس صوبے کی اپنی روایات ہیں، یہاں پر پختون کلچر ہے اور ہم وہ لوگ ہیں کہ جب پیدا ہوتے ہیں، جب حجرے میں نکلتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ بڑا کہاں پر بیٹھتا ہے اور چھوٹا کہاں پر بیٹھتا ہے اور جب بڑا اپنے حجرے میں آتا ہے اور چھوٹا اگر وہاں پر کٹ کے سر پر ہوتا ہے تو وہ اٹھتا ہے اور دوسری طرف آتا ہے۔ تو ہم نے سب سے زیادہ اپنے رواج اور روایات کو روا رکھنا ہے اور یہاں پر اس ایوان کی آج بھی اگر بہت زیادہ خوبصورتی ہے تو میرے خیال میں آج آپ لوگوں کا بھی بہت بڑا پن ہے۔ میں حیدر ہوتی صاحب کا، بشیر بلور صاحب کا، انکے پارٹی کے صدر افراسیاب خان کا، رحیم داد خان

کا اور ساتھ سپیکر صاحب، آپ کا اور آپ کی پارٹی کا بھی مشکور ہوں کہ آپ لوگوں نے بڑا پن کیا اور آپ لوگ اپوزیشن کے گھر پر آ گئے لیکن اس سے زیادہ حسن جو ہے اپوزیشن کی طرف سے ہے جنہوں نے اس صوبے کی روایات کو زندہ رکھا۔ (تالیاں) اس صوبے کی روایات کو زندہ رکھنے کیلئے اپنے پانچ سال کی حکومت کو دیکھتے ہوئے یہاں پر میں نے روایات کو زندہ رکھنے کی کوشش کی ہے۔ اس صوبائی اسمبلی کو میں نے پہلے دن ایک Statement دی تھی، Commitment دی تھی کہ میں کوشش کرونگا کہ میں پختون کے گھر کی، حجرے کی عزت کی طرح اس کے وقار کا بھی خیال رکھونگا اور میں نے یہ بات بھی کی تھی کہ اپوزیشن کو پانچ سال میں انشاء اللہ وہ مقام دونگا جو جمہوری طریقے سے اس معزز ایوان کے ہر ایک ممبر کا حق ہے۔ آج آپ سے بھی ہماری یہی گزارش ہے اور توقعات بھی ہیں کہ اپوزیشن کو سینے سے لگانے، محبت کے ساتھ رکھنے، یہ صرف اور صرف ایک لفظی بات نہیں ہوگی بلکہ ہم امید رکھتے ہیں کہ آپ بھی اس معزز ایوان کے ایک معزز رکن اسمبلی کا جمہوریت میں جو مقام ہے، مجھے امید ہے کہ آپ اس کو زندہ رکھتے ہوئے، اپوزیشن کو اپنے سینے سے لگاتے ہوئے آپ بھی اسی طرح انشاء اللہ رویہ رکھیں گے۔ پشتو میں روایت ہے کہ ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی ہے، جب آپ اس سے آواز نکالیں گے تو اس کو ضرورت ہوتی ہے دونوں ہاتھوں کو آپس میں ملانے کی، اگر یہ رویہ رہا تو انشاء اللہ میں آپ لوگوں سے وعدہ کرتا ہوں کہ ہم ضرور اپوزیشن کا کردار ادا کریں گے کیونکہ ایک حکومت ہوتی ہے اور ایک اپوزیشن ہوتی ہے اور تب ہی جمہوریت کا حسن ہوتا ہے جب گاڑی کے یہ دونوں پہیے اکھٹے چلیں۔ ہم کبھی بھی بے جا تنقید، وہ سیاست جس نے اس ملک کا بیڑا غرق کیا، جو ایک دوسرے کے پاؤں کو کھینچتے ہوئے نیچے گرانے کی کوشش کرتے ہیں، اس کو ہم ہمیشہ کیلئے دفن کرنے کی سوچ میں ہیں اور جب (تالیاں) اس روایت کو ہم دفن کریں گے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں، اس معزز ایوان کے اراکین کو بھی آپ کی وساطت سے کہ یہاں پر جو لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ بنا ہے، اس غریب صوبے کی جو پسماندگی ہے، جو غربت ہے اور ہمارے یہاں پر بڑے معزز لوگ جا کر سعودی عرب اور یو اے ای میں، یہاں پر وہ ہزاروں کنال کے رقبے کا مالک ہوتا ہے لیکن وہاں پر جا کر سویپر کا کام کرتا ہے۔ اگر ہم نے یقیناً اسی پالیسی کو اپنایا جو وفاق نے اپنایا، میں وہاں پر جو بڑی ذمہ دار پارٹیاں ہیں اور اکثریت میں ہیں ان کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں اور خراج تحسین بھی پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے یہ نہ سوچا کہ ہم اکثریت میں ہیں اور ہم اپنی حکومت بنائیں بلکہ میں ایک بات ضرور کہونگا کہ جب آصف زرداری صاحب مولانا فضل الرحمان صاحب کے پاس آ گئے

تھے، میں بھی اس کے ساتھ تھا، مجھے بھی فون کیا تھا کہ وہ آرہے ہیں آپ بھی آ جائیں تو پھر جب وہ آئے تو مولانا فضل الرحمان صاحب نے اس سے بات کی کہ زرداری صاحب! آپ پیپلز پارٹی کی حکومت بنا رہے ہیں یا قومی حکومت؟ تو زرداری صاحب نے ایک ہی بات کی کہ میں پیپلز پارٹی کی حکومت نہیں بنا رہا ہوں بلکہ میں ایک قومی حکومت بنا رہا ہوں (تالیاں) تو ہم نے بھی ان سے کہا کہ یہ وقت کی ضرورت ہے، اس ملک میں جو تکلیف ہمارے سامنے ہے اور آنے والی ہے، اس ک ی لئے قوم کا پورا بچہ بچہ اور ہر ایک گھر جو ہے، اس میں اتفاق اور اتحاد پیدا کرنا ہے۔ ہم وفاقی حکومت میں آپ کے ساتھ ہیں، کچھ ترجیحات آپ کو ہم دیتے ہیں وہ ضرور آپ اپنے سامنے لائیں گے۔ ان ترجیحات میں ہم نے Written جو ان کو دیئے ہیں ان میں سب سے پہلے صوبائی خود مختاری ہے اور اس کے ساتھ ایک لائن میں نے آگے لکھ دی، جو اس صوبے کے بجلی کے بقایاجات ہیں وہ بھی تحریری ہم نے دی ہیں۔ عدلیہ کی آزادی، میڈیا کی آزادی، آزاد الیکشن کمیشن اور اس کے علاوہ یہاں پر جو جمہوری کلچر ہے اس کا۔ تو میں ان کا مشکور ہوں کہ انہوں نے نہ صرف ایم ایم اے بلکہ ہر جماعت کے پاس جا کر، خود جا کر اس نے Repeat بھی کیا اور سب کو ملایا بھی۔ ہم نے ان سے یہ کہا کہ اگر آپ ہم سے تعاون چاہتے ہیں تو ہم تعاون دیتے ہیں، اگر آپ ہمیں گورنمنٹ میں شامل ہونے کی دعوت دیتے ہیں تو ہم گورنمنٹ میں شامل ہوتے ہیں۔ تو اس نے ہمیں کہا کہ تعاون کی نہیں بلکہ ضرورت ہے کہ آپ لوگ کابینہ میں آ جائیں اور حکومت میں شامل ہو جائیں۔ یہاں پر چونکہ معاملہ تھوڑا سا مختلف تھا، گورنمنٹ نے ہم سے، صرف اپوزیشن سے تعاون مانگا ہے تو اس لئے یہ بات فلور پر اس صوبے کے عوام کے ساتھ واضح کرنا چاہتا ہوں اور جب گورنمنٹ کے لوگ یہاں ہمارے گھر پر آئے، ہمارے دوسرے جو اپوزیشن کے ساتھی ہیں ان کے گھر پر آئے تو جو بھی گورنمنٹ کی ڈیمانڈ تھی ہم نے کہا کہ ہم تعاون کیلئے تیار ہیں (تالیاں) اور انشاء اللہ ہم تعاون بھی کریں گے۔ پانچ سال میں نے خود بھی، اس فلور پر میرے وہ کیسٹس بھی ہونگے جب میں کبھی کبھی یہاں پر ایک اکیلا ایم پی اے آیا کرتا تھا، یہ اس رب کی مہربانی ہے، یہ اس رب کی ہمیں معجزات ہیں کہ تین بار میں یہاں پر جے یو آئی کی طرف سے اکیلا ہی آیا تھا لیکن میں نے اپنے ضمیر پر سمجھوتا نہیں کیا، میں نے اپنے اصولوں پر سمجھوتا نہیں کیا اور ایک دن پھر ایسا بھی آگیا کہ وہ اکلوتا آدمی قائد ایوان بنا یہاں پر (تالیاں) اور انشاء اللہ پانچ سال میں ہم نے یہاں پر اصلاحات کئے ہیں، ہم نے انڈسٹریز کو ایک نئی پالیسی دی ہے جو کہ ساری انڈسٹریز کے لوگوں نے مجھے، خواہ وہ پیپلز پارٹی کے تھے یا اے این پی کے تھے، انہوں نے ہمیں

سپورٹ دیا۔ میاں افتخار صاحب! آرام سے، بولنے کا حق اپوزیشن کو ہوتا ہے آپ زیادہ مت بولیں، آپ لوگوں کے پاس Office ہے۔ تو انشاء اللہ اس پر میں دوبارہ بات بھی کرونگا لیکن یہاں پر میں سپیکر صاحب، آپ سے زیادہ مخاطب ہوں، ڈائریکٹ میں نے جو، اس کے ساتھ میری آزادی ہے تھوڑی سی میں نے اس انداز سے بات کی لیکن ممبر کے ساتھ مخاطب ہونا ٹھیک نہیں ہوتا ہے، آپ کے ساتھ ہم مخاطب ہونگے۔ وہ باتیں انشاء اللہ ہم ضرور کریں گے جو صوبائی حقوق کیلئے ہم نے کی ہیں۔ یہاں پر اس صوبے میں اور اصلاحات کئے ہیں، پولیس میں ہیں، انڈسٹریز میں ہیں، جیل میں ہیں، میرے خیال میں کوئی بھی محکمہ انشاء اللہ ایسا نہیں ہو گا جہاں پر ہم نے اصلاحات کی کوشش نہ کی ہو اور آج بھی انشاء اللہ یہی وعدہ ہم اس فلور پر کریں گے کہ اگر گورنمنٹ اس صوبے کے حق کیلئے، اس صوبے کو اپنا ایک نام دینے کیلئے میں نے ایک رپورٹ منگوائی تھی کہ اس صوبے کا نام میں تبدیل کرتا ہوں تو مجھے ایک آدمی نے ایک عجیب سی بات کی کہ آپ کے صوبے کا نام ہے؟ کیا نام آپ تبدیل کرتے ہیں؟ آپ پہلے مجھے یہ لکھیں کہ آپ کے صوبے کا نام کیا ہے؟ تو اگر یہاں پر صوبے کے نام کے حوالے سے کوئی بات ہو تو انشاء اللہ اس میں ہم ضرور اس صوبے کی عزت کیلئے (تالیاں) اس صوبے کی وقار کیلئے گورنمنٹ سے سو قدم آگے ہونگے لیکن اس صوبے کو ہم چاہیں گے کہ ہم اپنی شناخت دیں۔ میں آپ کا بھی مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے کافی ٹائم دیا اور میں معزز اراکین کا بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے مجھے غور سے سنا اور کوئی دخل اندازی نہیں کی۔ مہربانی۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر صاحب! جب ڈپٹی سپیکر Oath لے لیں تو اس کے بعد مجھے ٹائم دیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: جناب پرویز خٹک صاحب۔

<u>جناب پرویز خٹک</u>: سب سے پہلے میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ساتھ ساتھ اس ہاؤس کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ آج صوبائی اسمبلی صوبہ سرحد نے متفقہ طور پر آپ کو منتخب کیا اور اس ملک میں ایک اور مثال قائم کی کہ ہم پختون ایک ہیں اور ہم ایسے حالات سے گزر رہے ہیں کہ اس کی وجہ سے آج، ان مخصوص حالات کی وجہ سے آج سارے صوبے کی اسمبلی کے ممبران نے آپ کو متفقہ طور پر آج سپیکر بنایا ہے، آپ پر اعتماد کیا ہے اور مجھے یقین ہے کہ اس اعتماد کو آپ ساتھ لیکر چلیں گے کیونکہ اس اسمبلی میں پرانے Experienced Members بھی ہیں اور نئے ممبرز بھی آئے ہیں۔ ہم پرانے Experienced Members سے سیکھیں گے اور نئے ممبران کی رائے کو ہم اولیت دیں گے۔ انشاء

اللہ تعالیٰ اگر ہم سب مل کر چلیں اور اس صوبے کو آگے لے جائیں تو جو مسئلے ہمارے سامنے اس وقت ہیں، انشاء اللہ تعالیٰ ہم اس کو صحیح طریقے سے چلا سکیں گے، اس کا صحیح حل نکال سکیں گے کیونکہ آپ کی رہنمائی میں اس ہاؤس نے چلنا ہے اور اگر ہم چھوٹی چھوٹی باتوں میں پھنس گئے، ہم اگر چھوٹی چھوٹی باتوں میں ایک دوسرے سے الجھ گئے تو ہمارے مسائل حل نہیں ہوں گے اور اگر ہم مل جل کر چلیں گے، اس ہاؤس کو اکٹھا چلائیں گے تو ہمارے صوبے کی اس وقت حالات ایسی ہیں کہ ہم نے مل کر چلنا ہے، اس صوبے کو آگے چلانا ہے۔ ہم نے مسئلے حل کرنے ہیں، تب ہی جاکر ہم لوگوں کو کچھ دے سکیں گے۔ جناب سپیکر! آج کا دن خوشی کا دن ہے کیونکہ میں جو ماحول اس اسمبلی میں دیکھ رہا ہوں، آج سے پہلے میں نے نہیں دیکھا تھا اور اس خوشی کو اس اتفاق کو آپ نے ہی آگے لے کر چلنا ہے۔ میں اس ہاؤس کا، سب کا مشکور ہوں کہ آج اس ہاؤس میں ایک اتفاق، ایک بھائی چارہ پیدا ہوا ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ ہم سب کوشش کریں گے کہ اسی کو، انہی حالات کو آگے لیکر چلیں گے اور آئندہ پانچ سال بعد انشاء اللہ تعالیٰ اس صوبے میں ایک مثال قائم ہو گی کہ اس صوبے کی حکومت، اس صوبے کی اسمبلی ایک ہے، اپوزیشن اور حکومت ایک ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ آپ سب کو ایک نظر سے دیکھیں گے تب ہی یہ اسمبلی کامیاب ہو گی، تب ہی یہ حکومت کامیاب ہو گی کیونکہ اس وقت جو حالات یہ صوبہ Face کر رہا ہے تو میرے خیال میں اس ملک میں سب سے برے حالات ہمارے صوبے کی ہیں۔ بے روزگاری یہاں پر ہے، مہنگائی یہاں پر ہے، امن وامان کا مسئلہ یہاں پر ہے اور سارے پاکستان کے مسائل اس وقت اس صوبے میں موجود ہیں اور آپ کی رہنمائی کی وجہ سے انشاء اللہ تعالیٰ ہم سب ان مسئلوں سے، ان مسئلوں میں کامیاب ہوں گے اور آپ سے امید کرتا ہوں کہ جس طرح اعتماد اس ہاؤس نے آپ پر کیا، جس محبت سے اس ہاؤس نے آپ کو کامیاب کیا، انشاء اللہ تعالیٰ یہی محبت اور یہی اعتماد آپ اس ہاؤس کو دیں گے۔ شکریہ، مہربانی۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: معزز اراکین! میں،۔۔۔۔۔۔۔

<u>میاں افتخار حسین</u>: زه جناب سپیکر صاحب! یو ضروری خبره کول غواړم او هغه دا چه چونکه زمونږه ډپټی سپیکر، جناب خوشدل خان صاحب کوم چه دے هاؤس Un-opposed منتخب کړے دے د هغوی نه د Oath واغستے شی، شکریہ۔ ما صرف دغه گزارش غوښتل بس۔

<u>جناب سپیکر</u>: میاں صاحب، میاں افتخار حسین صاحب، آپ سے میں یہی عرض کرنے جارہا تھا۔۔۔۔

میاں افتخار حسین: د لته کښې جناب سپیکر صاحب، چه کوم د Un-oppose خبره کیږی نو په نولس سوه اووه نوی کښې چه کوم دے زمونږه چمکنی صاحب خدائے د اوبخښی هغه هم Un-opposed شوے وو نو پکار دا دی چه دا ریکارډ درست شی، هسے نه چه خلق وائی چه ګنی مونږ خبر نه یو۔ پیر محمد صاحب نوم تجویز کړے وو خپل، د هغه نوم وو، بیا ئے Withdraw کړے وو ځکه چه کوم دے نو چمکنی صاحب په هغے کښې Un-opposed شوے وو، نو د دے دپاره او بل زه ستاسو په وساطت د درانی صاحب نه بخښنه غواړم که هغه زما ځه خبره محسوس کړے وی، د کارخانو خبره کیده نو زه خو کارخانه دار نه یم خو دا دوه مشران مے کارخانه دار دی، وائی کارخانه کوم ده؟ نو ما تش خندلی دی نو که زه مجرم یم زه ترے بخښنه غواړم۔ ډیره مهربانی۔

## ڈپٹی سپیکر کا انتخاب

جناب سپیکر: میں ابھی، میں ابھی پر خلوص مبارکباد کی ان لمحوں میں اپنے دوست اور بھائی جناب خوشدل خان برائے ڈپٹی سپیکر جو ہیں، ان کو بھی شامل کرنا چاہتا ہوں تو جتنے بھی دوست بھائی پھر مبارکباد دیں گے تو ہم کو شریک دیں گے۔ پہلے اس ایجنڈے سے تھوڑا سا ہٹ کے میں ذرا آگے آتا ہوں۔ معزز اراکین اسمبلی! ڈپٹی سپیکر کے عہدے کیلئے جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ صاحب کا نام تین اراکین اسمبلی نے تجویز کیا ہے جن کے اسماء گرامی یہ ہیں: جناب ثاقت اللہ خان چمکنی صاحب، PF-11 پشاور، نمبر 2 جناب میاں افتخار حسین صاحب، PF-12 نوشہرہ 1، تیسرے جناب محمود زیب صاحب، PF-94 لوئیر دیر 1، چونکہ مذکورہ عہدے کیلئے کسی دوسرے معزز رکن کا نام ان کے مدمقابل تجویز نہیں کیا گیا ہے لہذا جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ صاحب کو ڈپٹی سپیکر کے عہدے کیلئے بلامقابلہ منتخب قرار دیا جاتا ہے۔

(تالیاں)

## حلف وفاداری ڈپٹی سپیکر

جناب سپیکر: ان سے گزارش ہے کہ وہ ڈائس پر آکر اپنے عہدے کا حلف اٹھائیں۔

(اس مرحلہ پر جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ نے بحیثیت ڈپٹی سپیکر صوبائی اسمبلی حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ ب میں ملاحظہ ہو)

(تالیاں)

جناب سپیکر: ډیر ډیر د مبارک شه۔ عبدالاکبرخان!

## سپاس تہنیت

جناب عبدالاکبرخان: گو کہ آپ کی غلطی نہیں ہے لیکن میں ایک پوائنٹ یہاں پر لانا چاہتا ہوں کہ یہ کلمہ طیبہ Oath کا ایک حصہ ہوتا ہے اور آپ کو Oath دینے والے نے چونکہ کلمہ خود نہیں پڑھا اس لئے آپ نے بھی نہیں پڑھا۔ جب آپ Oath دے رہے تھے تو آپ نے تو پڑھا اور جس سے آپ Oath لے رہے تھے، جس کو آپ Oath دے رہے تھے انہوں نے بھی پڑھا لیکن میں اس لئے ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں جناب سپیکر! کہ یہ بڑی اہم چیزیں ہوتی ہیں، یہ Constitution میں، جو بھی Oath ہے اس کے ساتھ کلمہ لکھا ہوا ہوتا ہے۔ جناب سپیکر! میں آپ کو اور ڈپٹی سپیکر صاحب کو Un Opposed الیکشن پر مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں۔ یقیناً یہ ایک بڑی اعزاز کی بات ہے کہ اس ہاؤس کا Custodian اور اس ہاؤس کا Deputy Custodian دونوں آج بلا مقابلہ منتخب ہو چکے ہیں۔ یقیناً جناب سپیکر، ان میں ان سیاسی جماعتوں کا جو اپوزیشن سے تعلق رکھتے ہیں، ان کا بھی بڑا کردار ہے اور آج ہم اس ملک میں دیکھ رہے ہیں کہ وہ لیڈرشپ جو مرکز میں ہے یا صوبوں میں ہے، وہ Maturity کا مظاہرہ کر رہی ہے اور اس چیز کو وہ سمجھ رہی ہے کہ ان کی Internal fighting کی وجہ سے، ان کی اندرونی جھگڑوں کی وجہ سے اس ملک کی سیاست کو اور اس ملک کو کتنا نقصان پہنچا۔ تو آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ جو بھی سیاسی لیڈر صاحبان ہیں، خواہ وہ مرکز میں ہیں، خواہ وہ صوبے میں ہیں، اب انہوں نے Maturity کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک Coalition type اور ایک نیشنل گورنمنٹ، خواہ وہ صوبے میں ہے یا مرکز میں، وہ بنتے جا رہے ہیں۔ تو اس میں یقیناً حزب اختلاف کے لیڈران صاحبان کی بھی بڑائی ہے کہ انہوں نے صوبے کی ان روایات کو مد نظر رکھتے ہوئے، صوبے کی ان روایات کا خیال رکھتے ہوئے اور آج جو صوبے اور اس ملک کو مشکلات ہیں جو بغیر ایک National consensus government کے، خواہ وہ صوبے میں ہے یا مرکز میں، اس کے بغیر حل نہیں ہو سکتیں۔ مسائل اتنے زیادہ ہیں کہ کوئی ایک سیاسی جماعت کے بس میں یہ نہیں ہے کہ وہ ان مسائل کو جو صوبے کے عوام کو درپیش ہیں یا ملک کے عوام کو درپیش ہیں، وہ اکیلے ان کو حل کر سکیں تو یقیناً مرکز کی طرح اور صوبوں کی طرح ہمارے صوبے کے، جو گورنمنٹ سائڈ پر ہیں یا اپوزیشن سائڈ پر ہیں، سب نے Maturity کا مظاہرہ کیا، میں ان کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں لیکن جناب سپیکر، Un-opposed الیکشن سے آپ پر ذمہ داریاں اور بھی زیادہ ہوں گی۔ آپ اس ہاؤس کے اب

مکمل، ہاؤس کے Custodian، پہلے بھی، اگر مقابلہ بھی ہوتا تو Custodian ہوتے لیکن جب بلا مقابلہ آپ دونوں منتخب ہو چکے تو اب بہت ذمہ داری آپ کے کندھوں پر آ گئی ہے اور یقیناً جناب سپیکر، یہ ہاؤس Tricotomy of Powers میں جو تین Angles ہیں، ان میں سب سے بڑا Angle ہے۔ اگر ہم Legislature، Judiciary اور Executive کو دیکھیں تو State کے جو باقی دو Angles ہیں، خواہ وہ Judiciary ہو یا Executive، وہ اپنی Powers اور Strength Derive، کرتی ہیں Legislature سے کیونکہ ان کو طاقت جو ملتی ہے وہ اسی ایوان سے ملتی ہے۔ ان کو پاور اگر ملتی ہے تو اسی ایوان سے ملتی ہے کیونکہ یہ عوام کے منتخب نمائندوں کا ایک ادارہ ہے۔ تو State کے Institutions میں یہ بہت بڑا ادارہ ہے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس ادارے کا سربراہ بنادیا ہے۔ یقیناً جناب سپیکر! Constitution اور Rules بھی یہاں پر موجود ہیں لیکن As a custodian of the House آپ ان Strict rules پر نہیں چلیں گے کیونکہ ہمارے ممبران صاحبان کے اپنے مسائل، حلقے کے مسائل ہوتے ہیں، بعض اوقات ہم ان کو اٹھاتے ہیں، خواہ ادھر رولز کام کرے یا رولز کام نہ کرے۔ اس لئے جناب سپیکر! میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا لیکن ایک دفعہ پھر آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور توقع رکھتا ہوں کہ جن صاحبان نے اپنے خیالات کا اظہار کیا، بشیر خان نے اور سب ساتھیوں نے بیان کیا، جناب سپیکر، واقعی اس صوبے کو یقیناً بہت مسائل کا سامنا ہے۔ یقیناً جناب سپیکر، اگر آج ہم امن وامان کی صورتحال دیکھیں، اگر آج ہم قیمتوں اور مہنگائی کی صورتحال دیکھیں، آج ہم صوبے کے وسائل اور صوبے کا جو حصہ ہے مرکز کے ساتھ، اس کی طرف دیکھیں اور جناب سپیکر، اگر ہم آج بے روزگاری کی طرف دیکھیں۔ جناب سپیکر! اگر ہم آج لوڈشیڈنگ کی طرف دیکھیں تو یقیناً اس صوبے کو کئی مسائل درپیش ہیں اور مجھے امید ہے کہ آپ کی سربراہی میں یہاں پر یہ ایوان ان مسائل کے بہتر حل کیلئے کوشش کرے گا اور ان کو حل کرانے کیلئے تجاویز حکومت کو پیش کرے گا۔ جناب سپیکر، میں اس بات پر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں کہ سب نے کہا کہ Un-opposed، میں بھی 1993 میں Un-opposed elect ہوا تھا۔ تھینک یو جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> اب میں تھوڑا سا اپنی معزز خواتین (قطع کلامی) محمد زمین صاحب!

<u>جناب محمد زمین خان:</u> جناب سپیکر صاحب! میں تھوڑا سا ٹائم لینا چاہتا ہوں اگر آپ کی اجازت ہو۔

<u>جناب سپیکر:</u> محمد زمین صاحب۔

جناب محمد زمین خان: میں سب سے پہلے آپ کو مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں اور ساتھ ہی اپنے ڈپٹی سپیکر کو بھی مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں کیونکہ آج آپ اور خوشدل خان کا بلا مقابلہ انتخاب اس غریب قوم کے، اس معزز ایوان کے معزز ممبران کی وساطت سے آپ کا بلا مقابلہ اور خوشدل خان کا بلا مقابلہ انتخاب ہوا ہے تو میں سب سے پہلے اس صوبے کے غریب عوام کو مبارکباد دیتا ہوں اور میرے پاس وہ الفاظ نہیں جس میں آپ کو اور خوشدل خان کو اس اہم موقع پر مبارکباد کہوں۔ مجھے یقین ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ اپوزیشن اور ٹریژری بینچز آج اس صوبے کو جو مسائل درپیش ہیں، خواہ وہ امن وامان کا مسئلہ ہے، خواہ وہ غربت وپسماندگی، جہالت یا دیگر صحت کے مسائل ہیں، انشاء اللہ ہم Constitution 1973 کے اندر رہتے ہوئے انشاء اللہ اس صوبے کے غریب عوام کی خدمت کریں گے۔ اپوزیشن اور ٹریژری اسی طرح ایک ساتھ رہیں گے اور میری تو گزارش اس، Being custodian of this House میرا ریکویسٹ یہ ہے کہ ہمیں کم وقت دیا کریں اور ہمارے معزز ممبران اپوزیشن میں جو بیٹھے ہیں، ان کی باتوں کو زیادہ اہمیت دیا کریں تاکہ اس صوبے میں گزشتہ ادوار میں جو غلطیاں ہوئی ہیں، وہ نہیں دہرائی جائیں۔ بڑی مہربانی، بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: خواتین ممبران صاحبان کی طرف آتا ہوں۔ دو مرد حضرات بولیں گے، دو خواتین کی طرف سے ہوں گے۔ نگہت اور کزئی بی بی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ دیر آید درست آید، حالانکہ ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ جب دو تین مرد حضرات بول لیتے تو اس کے بعد خواتین کی باری آنی چاہیئے تھی کیونکہ ہم لوگ بھی، جس طریقے سے ان کا ایک ووٹ، ایک ہی ووٹ Count ہوتا ہے اسی طرح خواتین کا ایک ووٹ جو ہے، وہ ایک ہی ووٹ Count ہوتا ہے۔ اسی لئے ہمیں، ہم جو یہاں پر بیٹھے ہیں تو برابری کی بنیاد پر بیٹھے ہوئے ہیں، بہرحال جناب سپیکر صاحب، کیونکہ ہمارے پاس اگلے پانچ سال ہیں ان تمام باتوں کیلئے اور تمام مسائل پر بات کرنے کیلئے۔ اس وقت چونکہ ماحول بہت خوشگوار ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ میں پاکستان مسلم لیگ جو کہ قائداعظم کی جماعت ہے، اس کے علاوہ پورے صوبہ سرحد کے عوام، دو کروڑ عوام جنہوں نے بھاری مینڈیٹ پاکستان پیپلز پارٹی اور اے این پی کو دیا، ہمارے تمام لیڈران صاحبان، چودھری شجاعت حسین صاحب، امیر مقام صاحب، آفتاب احمد خان شیرپاؤ صاحب جو کہ Allied Party تھی، انہوں نے اس مینڈیٹ کو دل سے قبول کیا اور ہم لوگوں نے آپ لوگوں کیلئے اور تمام صوبہ سرحد کے تمام

عوام کیلئے، جو ہمیں مسائل درپیش ہیں میں ان مسائل کی طرف تو نہیں جاؤں گی لیکن یہ تمام مسائل جو یہاں پر تمام لیڈران اور ہمارے سینئرز نے بیان کئے، اس پر ہم لوگوں نے جس خوش دلی کا مظاہرہ کیا اور جس طرح ایک مثبت قدم ہم لوگوں نے جمہوریت کی طرف اٹھایا اور اس پر ہم لوگوں کو، آپ لوگوں کو بھی پتہ ہوگا اور اس تمام ہاؤس کو بھی پتہ ہوگا کہ تمام لوگوں نے یہ بات کی کہ چاہے ووٹ ایک ہو یا دو ہوں لیکن مقابلہ ہونا چاہیے لیکن جناب سپیکر صاحب! اور ڈپٹی سپیکر صاحب! میں آپ دونوں کو اس بات پر مبارکباد پیش کرتی ہوں کہ ہم نے ان لوگوں کو کہا کہ ابھی اپوزیشن، حکومت جو ہے وہ اگر مثبت پالیسیاں اختیار کرے گی، جو اس صوبے کے عوام کے ساتھ انہوں نے وعدے کئے ہیں اور ایک بہت مینڈیٹ لے کر آئے ہیں اگر وہ اپنے مینڈیٹ کا خیال رکھتے ہوئے اس صوبے کے عوام کیلئے جو وعدے انہوں نے کئے ہیں وہ پورے کریں گے تو ہم بے شک ان کے ساتھ دو قدم آگے چل کر ان کا ساتھ دیں گے لیکن جہاں بھی ضرورت پڑی اور حکومت نے کوئی ایسی پالیسی اختیار کی جو کہ ان وعدوں کے مطابق نہ ہوئی جو انہوں نے عوام کے ساتھ کئے ہیں یا ایسا مسئلہ آیا جس میں کہ عوام کے ساتھ کوئی زیادتی ہوئی تو اس پر چاہے ایک آواز ہو اپوزیشن کی، تو میں بتا دینا چاہتی ہوں کہ وہ سو آوازوں پر بھاری ہوتی ہے اور اپوزیشن کے ہمارے پاس ووٹ تھے لیکن اس کے باوجود ہم نے آپ کو، ڈپٹی سپیکر صاحب کو اور آنے والے چیف ایگزیکٹیو صاحب کے ساتھ دوستی کا جمہوریت کی طرف جو ایک قدم بڑھایا ہے، میں تمام صوبے کے عوام کی طرف سے آپ کو مبارکباد پیش کرتی ہوں لیکن یہ بھی نہ سمجھا جائے کہ اس ہاؤس میں اگر تھوڑی سی اپوزیشن ہے تو اس اپوزیشن کی زبان نہیں ہے۔ جہاں پر بھی گورنمنٹ غلط کام کرے گی یہ اپوزیشن چاہے چار ووٹ ہوں گے، چاہے پانچ ووٹ ہوں گے، جب ان کی آواز یک زبان ہوگی تو وہ اپوزیشن کا جو ہے بھرپور کردار ادا کرے گی۔ میں ایک دفعہ پھر آپ کو اور ڈپٹی سپیکر صاحب کو اور آنے والے چیف منسٹر صاحب کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ (تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو بی بی۔ اب سیدہ بتول ناصر صاحبہ۔

<u>سیدہ بتول ناصر:</u> بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سب سے پہلے میں مبارکباد پیش کرتی ہوں جناب سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کو، آپ یقیناً اس بلا مقابلہ اور پر خلوص انتخاب کے مستحق ہیں اور میں Appreciate کرتی ہوں اپنے معزز ممبران کو جنہوں نے انتہائی گراں قدر خیالات کا اظہار کیا اور خاص کر جناب اکرم درانی صاحب جنہوں نے ماضی میں بھی ایک اچھی روایت رکھی اور آج بھی انہوں نے اپنے ایسے ہی مثبت خیالات کا اظہار

کیا۔ جناب سپیکر! ہم خواتین کے بھی بہت ساری توقعات ہیں سپیکر سے کہ جہاں ہمارے ملک میں مرکزی لیول پر بہت سارے تاریخی فیصلے ہوئے ہیں وہاں ہمارے صوبے میں اچھی روایات قائم کی جارہی ہیں اور بہت سی اچھی مثالیں، مثبت اور روشن تاریخ مرتب ہو رہی ہے اور یہ بات بھی پیش نظر ہے کہ اس دفعہ ہماری اسمبلی میں تمام خواتین Qualified اور Capable elect ہوئی ہیں اور ہر، میری یہ بھی گزارش ہوگی کہ جناب سپیکر صاحب! خواتین کو تو آپ نے پہلے ہی ابھی اعلان کر دیا کہ خواتین کو بھی برابر موقع دیا جائے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کا، تو شکریہ ادا کرتی ہوں تمام معزز اراکین اور آپ کا۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: تھینک یو بی بی۔ اب سکندر خان شیر پاؤ صاحب!

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: زه ټولو کښې اول جناب سپیکر، د خپل اړخه او د خپلے پارټئ د اړخه تاسو ته او ډپټی سپیکر صاحب ته مبارکی ورکومه چه نن تاسو بلا مقابله د دے صوبے ټولو کښې Highest forum ، د دے صوبے ټولو کښې د بالا هاؤس کسټوډین منتخب شوے۔ جناب سپیکر! دا د خوشحالئ خبره ده چه نن د دے صوبے اسمبلئ تاسو او ډپټی سپیکر صاحب بلا مقابله منتخب کړئ او یو خوشګوار ماحول ئے جوړ کړو۔ دا د اپوزیشن د طرف نه یو ړومبنے قدم دے، یو Good will gesture دے، یو د دے خیز نشاندهی ده چه مونږه دا غواړو چه د دے صوبے چه کومے مسئلے دی، د دے صوبے چه کومه پسماندګی ده، د دے صوبے دغریبو خلقو چه کومے مسئلے دی چه هغه حل کړے شی او جناب سپیکر! مونږه دا ښودل غوښتل چه کوم هم ښه اقدام حکومت به اوچتوی، په حکومت کښې کومے پارټئ چه موجود دی هغوی به اوچتوی نو اپوزیشن به ورسره په هغے کښې مکمل تائید کوی۔ جناب سپیکر! دے سره سره زه دا هم وئیل غواړمه، ټولو ممبرانو صاحبان له مبارکی هم ورکول غواړمه او دا هم طمع لرمه، دا هم توقع لرمه چه مونږه چه کومو خلقو منتخب کړی یو، کومو غریبانانو، کومو مزدورانو، کومو کسانانو منتخب کړی یو او دے طمعے سره، دے توقع سره ئے دے هاؤس ته رالیږلے یو چه مونږه به دهغوی نمائندګی کوؤ او د هغوی مسئلے به حل کوؤ نو الله تعالیٰ د مونږه ټولو له دا وس راکړی چه بیا د هغوی په هغه طمع باندے مونږه پوره شو۔ جناب سپیکر! ورسره ورسره زه به دا ستاسو نه طمع لرمه چه نن چونکه ستاسو په اوږو باندے دا بوجھ اچولے شوے

دے او تاسو هم خپل یو سیاسی جدوجهد تیر کړے دے، د اپوزیشن سیاست هم تاسو کړے دے۔ نن دا دے تاسو د اقتدار سیاست ته هم راورسیدلئ نو دا به زه ستاسو نه طمع لرمه چه تاسو به خپل هغه کوم جدوجهد چه دے او کوم ستاسو سیاسی تدبر چه دے هغه به ځان ته مخامخ ایږدئ او د دے هاؤس په چلولو کښ دواړه سائډه، اپوزیشن او حکومت به ځان سره یو ځائے اخلئ نو هله به دا هاؤس چلیږی، هله به د هغه خلقو، د هغه غریبانانو، د هغه کروړونو خلقو چه دچا په ووټونو سره مونږه دلته کښ رارسیدلی یو، د هغوی په طمعو او توقعات به مونږه پوره کیږو۔ زه یو ځل بیا د خپل اړخه او د خپلے پارټئ د اړخه تاسو ته مبارکی درکومه او دا یقین دهانی درکومه چه د دے هاؤس د چلولو د پاره به زمونږه د طرف نه مکمل تاسو سره تعاون وی۔ ډیره مهربانی جی۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: Thank you Sir۔ثاقب اللہ خان چمکنی صاحب۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب! زه ستاسو په اجازت باندے تاسو ته او ډپټی سپیکر صاحب خوشدل خان ته ډیره مبارکی ورکوم۔ زما نه مخکښے زما مشرانو، زما رونړو او زما خوائندو په تفصیل سره خبرے اوکړے، زه به په هغے کښ نه ځم۔ ستاسو دا الیکشن زمونږ د دے اسمبلئ، زمونږ د دے صوبے د زرین روایات یو تسلسل دے۔ عبدالاکبر خان چه سپیکر وو، هدایت اللّٰه خان چمکنی صاحب او اوس ستاسو دا Un-opposed الیکشنے زمونږ د ورورولئ، د رواداریٔ ثبوتونه دی۔ زه تاسو ته د خپل او د دے ټولو ملګرو، زما د خوائندو د طرف نه د پوره مکمل Cooperation یقین دهانی درکوم۔ خدائے مو مل شه۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: شازیہ طہماس بی بی۔

محترمہ شازیہ طہماس خان: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ محترم جناب سپیکر صاحب! میں زیادہ لمبی بات نہیں کروں گی۔ سب سے پہلے تو آپ کو اور ڈپٹی سپیکر صاحب کو بہت زیادہ مبارکباد لیکن اس کے ساتھ ساتھ میں، کل جو ہمارے سپیکر صاحب تھے ہمارے سینئر معزز ممبر، ان کو بھی مبارکباد دینا چاہوں گی کہ انہوں نے بہت اچھے طریقے سے انکا جو کام تھا وہ سرانجام دیا اور انہوں نے، جتنی بھی ان کی صلاحیتیں تھیں ان کو تجربہ تھا اس کے لحاظ سے انہوں نے بہت بہتر طریقے سے سپیکر کے عہدے کی جو ضروریات،

جو لوازمات تھیں انہیں ادا کیا۔ جناب سپیکر صاحب! میں یہ نہیں کہوں گی کہ آپ کا کیا کام ہے؟ آپ کو کیا چیلنجز در پیش ہیں؟ آپ کے کیا مسئلے ہیں؟ کیا مسائل ہیں؟ آپ نے کس طرح سے ہاؤس کو بیلنس میں لے کر چلنا ہے، یہ آپ کا کام ہے، آپ زیادہ بہتر جانتے ہیں لیکن گزارش ہو گی کہ جس طرح سے آج آپ نے خواتین کو موقع دیا ہے، میں امید کرتی ہوں کہ آئندہ بھی اسی طرح ہمیں الگ آپ موقع ضرور دیں گے کیونکہ ہم ذرا سائڈ پر بھی بیٹھ ی ہوئی ہیں اور آپ کی نظر کم ہی اس طرف پڑتی ہے، اس سیٹ پر جو بھی بیٹھا ہو اس کو ذرا کم ہی اس طرف دیکھنا ہوتا ہے۔ باقی تو چونکہ زیادہ تر ہاؤس کا حصہ مرد حضرات کا ہے لیکن بہر حال ہمیں خوشی ہے اور میں امید کرتی ہوں کہ آپ اسی طرح جو Ratio 2 Occupied ہے وہ برقرار رکھیں گے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم کو بھی پھر یہی کہنا پڑے کہ:

ے گل پھینکیں ہیں اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی
اے خانہ برانداز چمن کچھ تو ادھر بھی

(تالیاں)

بہت بہت شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> شگفتہ ملک بی بی۔

<u>محترمہ شگفتہ:</u> جناب سپیکرا! زه د ټولو نه اول په دے هاؤس کښ چه کوم ممبران منتخب شوے دی، د زړه د کومی ټولو ته هرکلے وایم او دوئ ته مبارکباد ورکوم۔ د دے نه پس زمونږه جناب سپیکر صاحب، تاسو او ډپټی سپیکر چه کوم بلا مقابله نن منتخب شو، دا زمونږ د پاره ډیر د فخر او د اعزاز خبره ده۔ زه تاسو ته هم د زړه د کومی مبارکی پیش کوم۔ جناب سپیکر صاحب! څنګه چه زما ډیرو مشرانو، رونړو او زما خوائندو خبرے اوکړے، زما په خیال واقعی چه جناب سپیکر صاحب، تاسو ته پکار دی چه زمونږ په دے ملک کښ کوم حالات روان دی او زه به سپیشل د خپلے صوبه پښتونخواه خبره کوم چه زمونږ په دے صوبه کښ دے پښتنو ته کوم مسائل درپیش دی او زمونږه په دے صوبه کښ پښتنو کومے وینے توے کړے دی او کومے قربانئ ئے ورکړے دی نو دا په تاریخ کښ مثال دے۔ زه بیا دا خبره کوم چه زمونږ د صوبه پښتونخواه عوام چه کوم دی، هغوی څومره قربانئ ورکړے دی، په هغے کښ زمونږه په تاریخ کښ بنځے هم، داسے نرانے او بهادرانے بنځے هم پاتے شوے دی۔ زه به تاسو نه دا حیله لرم

چه په دے هاؤس کښ څنګه تاسو، زمونږ ممبران رونړه دی او هغوی ته تاسو موقع ورکوئ نو تاسو به دا هم کوشش کوئ څکه چه په دے پاکستان کښ د سړو نه زیاته آبادی د ښځو ده نو زمونړه لږ ډیر حق جوړیږی چه تاسو به په مونږه هم نظر کرم ساتئ۔ پرون هم ډیرے ښه خبرے اوشوے چه په دے ملک کښ د مسائلو حوالے سره خبرے اوشوے ، امن و امان حوالے سره خبرے اوشوے چه په سوات کښ کوم حالات روان دی، په باجوړ کښ کوم حالات روان دی خو زه به دا اووایم چه زمونږه دا کوم پیښور دے ، چه کوم ته د ګلونو ښار وئیلے کیږی، زمونږ دا پیښور چه دے دا هم د دغه حالاتو نه، د دغه خودکش دهماکو نه چه دے محفوظ نه دے پاتے شوے۔ د دے د پاره به زه شعر اووایم ، وائی:

ے  ما درته ټول عمر د ګلونو ښار وئیلے دے

کله مے پیرزو شے په بمونو پیښوره ته

چا ته د لندن د ښار د حسن قصه کړے ده

شکریه۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: میاں افختار حسین صاحب۔

میاں افتخار حسین: بسم الله الرحمن الرحیم۔ جناب سیکر ډیره شکریه چه ما له مو موقع راکړله۔ ستاسو په بلا مقابله انتخاب باندے زمونږ پارلیمانی لیډر جناب بشیر بلور صاحب د خپلو خیالاتو اظهار اوکړو، زه هم د خپلے پارټئ او د خپل اړخه تاسو ته او جناب خوشدل خان ایډوکیټ صاحب ته د زړه د کومی نه مبارکباد درکوم۔ جناب سپیکر! زه دوه څله ایم پی اے پاتے شوے یم، یو ځل د حبیب الله خان ترین صاحب، چه کله هغوی سپیکر وو او دویم ټائم زمونږ د مشر هدایت الله چمکنی صاحب، خدائے د اوبښی، د هغوی په وخت کښ۔ د چمکنی صاحب، خدائے د اوبښی د هغوی خدمات دے هاؤس د پاره چه وو، د چا نه پټ نه دی، مونږ د هغوی خدماتو ته خراج تحسین پیش کوؤ۔ دے نه مخکښے چه څومره سپیکران صاحبان د دے هاؤس پاتے شوے دی، هغوی د هغه وخت سره خپل خپل خدمات دے هاؤس د پاره ورکړے وواو مونږ هغوی ته هم د هغوی بهترین خدماتو باندے خراج تحسین پیش کوؤ۔ جناب سپیکر صاحب! داسے زما

واسطه، ما ته ښه ياد دی چه د دوه ډپټی سپيکرانو سره راغلے وه چه يو زمونږه ملنګ ارباب سيف الرحمن خان چه ډير خوږ سړے وو، خدائے د اوبښی، ډير ملنګ سړے وو او د دے خاورے د خدائی خدمت ګار په حيثيت، زما په خيال داسے څوک به نه وی چه پيژنی به ئے نه،

ے د نيا بدليږی ورته ځان بدل کړو

او دا د ظلم زوږ خوړلے ګلستان بدل کړو

ډيره مننه، ډيره شکريه۔ والسلام۔ (تالياں)

<u>جناب سپیکر:</u> بی بی شازیہ اورنگزیب خان۔

<u>Mst: Shazia Aurangzeb Khan:</u> ۔ بسم الله الرحمن الرحيم Mr. Speaker! I hope, I can speak in English also, پښتو کښ هم خبرے کولے شم او په اردو کښ هم کولے شم خو دا خبره داسے ده چه زه غواړم چه په انګريزئ کښ ئے اوکړمه۔ Millions of rupees have been spent on the beautiful assembly but why it has been kept merely cosmetic, the sound system is not working. Four hundred millions rupees have been spent on this beautiful assembly. The sound system has been imported from a country that is in a fix soup these days. The press people are in trouble because it's not easy for them to write or record clearly. Please consider this issue on a war footing basis Mr. Speaker, otherwise this beautiful House would become merely cosmetic. Thank you very much.

<u>جناب سپیکر:</u>ڈاکٹر فائزہ رشید۔

<u>ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید:</u>جناب سپیکر! میں آپ کو اور ڈپٹی سپیکر صاحب کو بلا مقابلہ منتخب ہونے پر مبارکباد دوں گی۔ جس طرح ہمیں آج جو جمہوریت ملی ہے تو یہ ہمیں نہ کسی نے بھیک میں دی ہے نہ کسی نے ٹرے میں سجا کر دی ہے۔ سب لوگ یہ جانتے ہیں کہ اس جمہوریت کے حصول میں جہاں اے این پی کے ورکروں کی لمبی Struggle اور خون شامل ہے وہاں پاکستان پیپلز پارٹی کے بھی سینکڑوں ورکروں نے اپنے خون کا عطیہ دیا ہے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ہماری شہید قائد محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ نے اپنے خون کا نذرانہ دے کر جمہوریت کی یہ شمع روشن کی ہے۔آج جو تمام سیاسی پارٹیاں ایک Political maturity کا ثبوت دے رہی ہیں، اس کا کریڈٹ بلاشبہ ہماری محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کو جاتا ہے

لیکن جناب سپیکر! جس طرح بشیر بلور صاحب نے جتنے مسائل پیش کئے ہیں، میں آپ کی توجہ ان مسائل کے ساتھ اس طرف بھی مبذول کروانا چاہوں گی کہ جتنے ہمارے صوبے کو آج مسائل درپیش ہیں ان میں ایک مسئلہ اور ضرور Add کیجئے گا کہ افغان مہاجرین کی جلد از جلد اپنے وطن واپسی کا انتظام ہونا چاہیے کیونکہ نہ صرف وہ ہمارے صوبے کی خصوصاً معیشت پہ بہت بڑا بوجھ ہے بلکہ آئے دن بڑھتے ہوئے جو کرائمز ہیں، ان میں Directly اور Indirectly ان کے ہاتھ ہیں اور پشاور سے تو ہم نے دیکھا ہے کہ افغان مہاجرین کی اکثریت شفٹ ہو چکی ہے لیکن بد قسمتی سے ہمارا ہزارہ اور خصوصاً ہری پور اسلحے کا ڈھیر بن چکا ہے۔تو میں معزز ایوان سے یہ درخواست کروں گی کہ وہ افغان بھائیوں کی جلد از جلد وطن واپسی پر غور کریں جس سے جہاں ہماری معیشت کو ریلیف ملے گا وہاں ہمارے اور بھی بہت سے مسائل حل ہوں گے۔ Thank you۔

<u>جناب سپیکر</u>: مسٹر وقار احمد خان۔

<u>جناب وقار احمد خان</u>: **اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔** د ټولو نه اول خو جناب سپیکر صاحب، زه تاسو ته او ډپټی سپیکر صاحب ته د زړه د کومی نه مبارکی ورکوم۔ زمونږه مشرانو خبرے اوکړلے خو د سوات په حواله به زه یو څو خبرے اوکړمه ستاسو په اجازت سره۔ زمونږه سوات چه نن سبا د کوم حالاتو شکار دے جناب سپیکر صاحب، فوجی آپریشن د پینځو، شپږو میاشتو روان دے او د سوات هغه غم زپلی عوامو دے هاؤس ته سترګے نیولے دی چه زمونږ د پاره به څه لار اوباسی۔ جناب سپیکر صاحب! زه ستاسو په توسط سره دا عرض کوم چه مهربانی د اوکړی او دا کوم فوجی آپریشن چه روان دے دا د بند کړے شی او هلته کښ د په جرګو سره، په معرکو سره د دے خبرے حل راوځی۔ هلته کښ د پینځو میاشتو راسے مختلف کورونه تباه شوے دی، ډیر خلق شهیدان شوے دی۔ په پنجاب کښ چه کله څوک په بم بلاسټ کښ یا په حادثه کښ وفات شی هغوی له فوری طور ریلیف ملاؤ شی، تر اوسه پورے هیڅ قسم Compensation زمونږه هغے عوامو ته نه دے ملاؤ۔ زمونږه ډیره پسمانده علاقه ده، روډونه ډیر خراب دی، د کرفیو د لاسه هلته کښ مریضان په لار مړه شی۔ ځائے په ځائے پهاټکونه دی، مهربانی د اوکړے شی او په دغے پهاټکونو د غور اوکړے شی او دغه پهاټکونه د ختم کړے شی۔ بله خبره جی، هلته کښ

ځنے سکولونو کښې فوجیان دی او ماشومان تر اوسه پورے هغه سکولونو ته نشي تلے د هغے فوجیانو د لاسه، نو هغه سرکاری عمارتونه د خالي کړے شي چه هغه فوجیان د هغه عمارتونو نه لرے شي او ماشومان هلته کښې خپل سبق اووئیلے شي۔ زمونږه ډیر غریبه او ډیره پسمانده علاقه ده، دا خبره آن ریکارډ ده چه ملاکنډ ډویژن کښې د شریعت د نافذولو وعده کړے شوے وه۔ زه د دے هاؤس په توسط سره جناب سپیکر صاحب، ستاسو په اجازت سره دا خواست کومه چه دغه شرعي ریګولیشن د فوري طور عملي کړے شي او زمونږ په دے سوات او ملاکنډ ډویژن کښې د شریعت خصوصي، پکار خو دا ده چه په ټول پاکستان کښې نافذ شي خو که دغه نه وي نو دغه کومه وعده چه کړے شوے وه دغه د عملي کړے شي او کم از کم په دے ملاکنډ ډویژن کښې د خصوصي طور شرعي ریګولیشن نافذ کړے شي۔ زه یو خل بیا تاسو ته او ډپټي سپیکر صاحب ته د زړه د کومي مبارکي ورکومه او ډیره مهرباني او ستاسو ډیره شکریه ادا کوم۔

جناب سپیکر: جناب! سارے معزز ممبران صاحبان سے ایک التماس ہے کہ ان کے حلقوں کے جتنے مسائل ہیں فوری، تو چیمبر میں آکر ان کو Discuss کریں گے لیکن آج چونکہ خوشی اور مبارکباد کا دن ہے تو اس تک اگر محدود رکھیں تو سارے بھائیوں کو موقع مل جائے گا۔ Thank you۔ حبیب الرحمن تنولی صاحب۔

جناب حبیب الرحمن تنولی: Thank you very much۔ محترم جناب سپیکر! میں سب سے پہلے تو آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے بڑے ریگولر طریقے سے ممبران صاحبان کو وقت دیااور میں آپ کو بلا مقابلہ سپیکر منتخب ہونے پر اور خوشدل خان کو ڈپٹی سپیکر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ ایوان کے اپوزیشن کے ممبران صاحبان بھی مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اس ایوان کا ایک وقار بڑھایااور آپ دونوں صاحبان کو بلا مقابلہ منتخب کیااور ایک اچھی روایت قائم کی کہ مخالفت برائے مخالفت نہیں ہوگی بلکہ جو اچھے کام ہوں گے ان میں تعاون ہوگا۔ اس ایوان میں آنے والے ممبران کے چہرے آپ دیکھیں، دو دن سے ہم یہاں پر بیٹھتے ہیں تو ان میں ایک ولولہ اور ایک جوش اور کچھ کر گزرنے کا مجھے حوصلہ لگتا ہے۔ ہمارے سامنے آنے والی یہ جو اسمبلی ہے اس کے سامنے بڑے مسائل ہیں۔ جناب سپیکر! اگر آپ امن وامان کے حوالے سے بات کریں گے تو بھی بہت بڑے مسائل ہیں اور اگر آپ دیکھیں گے تو مہنگائی کے حساب سے جو لوگ باہر بیٹھے ہیں، جنہوں نے ہمیں اعتماد کے ساتھ یہاں

اس ہاؤس میں بھیجا ہے وہ ہم سے توقعات رکھتے ہیں۔ ہم ایک ایک کروڑ بلڈنگ تو بناتے ہیں لیکن اس بلڈنگ میں ہمارے یا استاد نہیں ہیں یا بچے نہیں ہیں لیکن مہنگائی کی جو لہر آئی ہوئی ہے اس کو آپ دیکھیں تو آپ حیران ہوں گے کہ تین گنا سے بھی ریٹس ان دو مہینوں میں بڑھ گئے ہیں۔ مجھے تو ایک سازش لگتی ہے کہ سٹیل مل نے ریٹس بڑھائے ہیں دو دفعہ اپنی مصنوعات کے، لوہا کہاں سے کہاں تک پہنچ گیا۔ تیل کا ریٹ دو دفعہ بڑھایا ہے، اس سے جو ٹرانسپورٹ چلانے والے لوگ ہیں انہوں نے ریٹس بڑھائے ہیں اور سارا Burden غرباء پہ، عام آدمی پہ پہنچ رہا ہے، ان پہ پڑ رہا ہے۔ جناب سپیکر! اس کے ساتھ ساتھ ہی یہ پالیسی بنے گی، بڑے گھمبیر حالات ہیں ان میں پالیسیاں بھی بنائی جائیں گی اور ان پر عمل بھی کیا جائے گا تاکہ غریب آدمی کو ریلیف ملے۔ جناب سپیکر! یہاں پر ایک بات میں آپ کے نوٹس کیلئے عرض کرتا جاؤں کہ یہ جو عہدہ جس پر آپ بیٹھے ہیں، بہت بڑی زمہ داری کا عہدہ ہے۔ آپ نے ایک کورٹ کی حیثیت سے، نہ پارٹی رہے گی نہ کوئی جنبہ رہے گا، غیر جانبدار حیثیت سے آپ نے انصاف، عدل کرنا ہو گا اور پھر یہاں پر بڑے پیچیدہ سوالات آئیں گے۔ آپ کو بڑی محنت کرنا ہو گی۔ ان کے جواب، آپ کی رولنگ آئین اور قانون پر مبنی ہو گی، اس پہ آپ نے توجہ کرنی ہو گی اور مجھے یقین ہے کہ قانون آئین اور اس کے مطابق آپ چلیں گے تو انشاء اللہ میں سمجھتا ہوں کہ آپ اپنے فرائض خوش اسلوبی سے انجام دیں گے اور اس ہاؤس کا وقار بڑھتا رہے گا۔ میں وقت آپ کا زیادہ نہیں لیتا، انشاء اللہ آگے وقت آتا رہے گا، اسمبلی میں بولنے کی بات آئے گی تو اسمیں بولیں گے۔ آج کا اتنا ہی اختصار ہے۔ بہت شکریہ، بہت مہربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> نور سحر بی بی۔ مختصر، صرف مبارک باد کی حد تک ___ مل جائے گی، چائے آپ کو مل جائے گی تھوڑی دیر بعد۔

<u>محترمہ نور سحر:</u> جناب سپیکر شکریہ۔ میں تہہ دل سے سپیکر صاحب اور ڈپٹی سپیکر صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے مجھے موقع دیا اور ان کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ آج مجھے بڑی خوشی ہے، کل ہمارے جن ممبران صاحبان نے Oath لیا تھا ان کو بھی مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ خوشی اس بات کی ہے کہ بی بی نے جو بیج بویا تھا آج وہ پھل دینے کے قابل ہو گیا ہے اور آگے بھی پھل دیتا رہے گا۔ اس کے بعد میں دو منٹ لوں گی آپ کی:

؎ روٹھی بھی اس ادا سے کہ رت ہی بدل گئی
بلاول ایسے روئے کہ سب کو رلا گئے

یہ شعر میں نے اس موقع پر اس لئے کہا ہے سپیکر صاحب اور میرے ہاؤس کے بھائیوں! کہ ہم جو یہاں ہاؤس میں اکھٹے ہوئے ہیں، ہم اس لئے اکھٹے نہیں ہوئے ہیں کہ ایک دوسرے پر Objection کریں، لڑیں اور جھگڑیں، ہم نے بی بی کے مشن کو، جمہوریت کو آگے بڑھاتے ہوئے چلنا ہے۔ ہم صوبہ سرحد کے مسائل لے کر اس ہاؤس میں آئے ہیں۔ ہم کو صوبہ سرحد کے عوام نے Select اس لئے کیا ہے کہ ان کے مسائل ہیں، ہم چاہے ملاکنڈ ڈویژن سے ہیں، ہزارہ ڈویژن سے ہیں یا جس ڈویژن سے بھی ہیں، جس ڈسٹرکٹ سے بھی ہیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا بلکہ ہم نے مسائل کو، سب بہن بھائیوں نے ملکر ان کو حل کرنے کی کوشش کرنی ہے۔ باقی جیسے ہمارے سوات میں کرفیو کا مسئلہ ہے، اگر میں اس کو اچھالوں گی تو یہ نہیں کہ میں واحد ایم پی اے ہوں سوات سے، میں اس کو اچھالوں گی، میرے یہ بھائی جو سوات سے Select ہو کر آئے ہیں، چاہے وہ جس پارٹی سے بھی ہیں، جس رنگ کے بھی ہیں، جس مذہب کے بھی ہیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ بی بی کو دیکھ کر ہم نے آگے بڑھانا ہے اس بات کو کہ جو مسئلہ ہمارے صوبہ سرحد کا ہے وہ ہم سب کا مسئلہ ہے، اس میں ہم یہ نہیں دیکھیں گے کہ یہ کس پارٹی کا مسئلہ ہے، کس رنگ کا یا کس نسل کا یا کس مذہب کا مسئلہ ہے۔ ہم نے یہ باتیں اس گیٹ سے باہر رکھنی ہیں۔ ہم نے ہاؤس سے باہر اپنی پارٹی کو رکھنا ہے۔ یہاں آکر ہم ایک ہی مشن کو لے کر جائیں گے، جمہوریت، Democracy اور اسی پر ہم آگے بڑھیں گے۔ یہی ہمارے لئے بہتر ہو گا، یہی ہمارے صوبہ سرحد کیلئے ہمارے ڈویژن کیلئے بہت بہتر ہو گا کہ ہم اس پر آگے چلیں۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> Thank you۔ ڈاکٹر یاسمین نازلی۔

<u>محترمہ یاسمین نازلی جسیم:</u> اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ زه د خپل طرف نه او د خپلے پارټئ د طرف نه او د خپل زنانه اراکین اسمبلئ د طرف نه سپیکر صاحب ته او جناب ډپټی سپیکر صاحب ته د زړه د کومی نه مبارکی ورکوم چه هغوی نن Unopposed select شواو دا ډیره لویه د فخر خبره ده چه دا جنگ جهګړے او نه شولے۔ د دے د پاره به زه د اراکین اسمبلی چه کوم اپوزیشن معزز اراکین دی، د هغوی به زه ډیره شکریه ادا کوم چه هغوی نن خپله رائے ورکړه او ټولو په یو اتفاق سره سپیکر صاحب او ډپټی سپیکر صاحب Select کړل۔ زما نور معزز اراکین اسمبلی چه کوم دی، هغوی تاسو ته ډیر زیات مسائل اووئیل، تاسو ته د صوبے او خاص کر کوم مسائل چه نن سبا زمونږه

صوبے ته او ټول پاکستان ته، که ورته وایو، درپیش دی هغه ئے اوویل او هغه ئے ستاسو په اوږو باندے ډیرے غټے غټے ذمه داریٔ واچولے نو جی زه به تاسو ته دا ذمه داری د خپل طرف نه واچوم چه زمونږه په صوبه سرحد کښ خاص کر پختونخواه چه ورته مونږه وایو، صوبه پختونخواه کښ د ښځو مسائل، مونږ وایو چه دلته دوئ ته ډیر زیات غټ مسائل په غاړه دی او هغه دا دی چه زمونږ په پختونخواه کښ د ښځو تعلیم ډیر کم دے، دلته غربت ډیر زیات دے او دلته ښځو ته د صحت ډیرے زیاتے غټے مسئلے درپیښے دی نو مونږه به کوشش کوؤ چه د هغے ښځو آواز مونږ دلته اسمبلئ ته رااورسوؤ او هغه تاسو واورئ او تاسو ورله توجه ورکړئ او د هغوی هغه مسائل مونږه د دے اسمبلئ په ذریعه باندے حل کړو او مونږ او تاسو په یوځائے کوشش اوکړو جناب معزز سپیکر صاحب، ستاسو په ډیره مرستیا باندے به دا حل کیږی او مونږ به د هغوی آواز دلته راوړو اوتاسو ته به ئے اوروؤ۔ ډیره ډیره مننه، ستاسو د ټولو ټهینک یو۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ بی بی۔ مولوی عبیداللہ خان صاحب۔

مولوی عبید اللہ: **الحمد لله الذی هدانا الیٰ صراة المستقیم۔ والصلواة علیٰ من نقتص بالخلق العظیم۔** سب سے پہلے میں سپیکر صاحب کو مبارکباد پیش کروں گا بحیثیت ایک ممبر، چونکہ ہمارے جو پارٹیز ہیں، سب نے یہ ذمہ داری ہم سے لیکر آپ کو دی ہے لیکن میں پھر بھی آپ کو مبارکباد دوں گا۔ خدا نے آپ کو جسم اور علم دونوں میں، میرے خیال میں ہمارے اسمبلی میں سب سے بڑے اور لمبے جسم والے آپ ہی ہیں اور ڈپٹی سپیکر صاحب کو میں کیوں نہ دوں کہ وہ ہر دل سے خوش ہیں، خوشدل ہیں تو میں اسی لئے بھی ان کو مبارکباد دے دوں۔ جناب سپیکر! جہاں تک میں سمجھ رہا ہوں سارے جو ہمارے ممبر صاحبان یہاں پر آ گئے ہیں، ہمارے صوبے کے لوگوں نے یہاں بھیجے ہیں تو میرے خیال میں یہ برائے نشستاً اور رفاآمد کیلئے نہیں ہے بلکہ ایک عظیم مقصد کیلئے یہاں بھیجے ہوئے ہیں۔ میرا مطلب یہ ہے کہ ہمارے لئے مستقبل کیلئے، پانچ سال کیلئے ایک مکمل لائحہ عمل متعین کرنا از حد ضروری ہے۔ میرا مطلب اس سے یہ ہے کہ جب تک عدل اور انصاف جس کو مغربی زبان میں میرٹ کہتے ہیں، اس کو اپنے سامنے نہیں رکھیں گے، اس پر ہم عمل نہیں کریں گے اس وقت تک یہ کہنا کہ میرا علاقہ تھوڑا پیچھے ہے،

ہم پسماندہ ہیں، ہم پہ میزائل گر رہے ہیں، ہم پر خود کش حملے ہو رہے ہیں، یہ ساری بے معنی باتیں ہیں۔ جب تک ہر انسان کو، ہر آدمی کو ہر معاشرے میں اس کا حق نہیں دیا جائے تو پھر یہ مسائل اور بڑے بڑے قسم کے جو مصیبتیں ہم پر ہیں، آتی رہیں گی اور ہم پیچھے جائیں گے آگے کہیں پہ کبھی نہیں جائیں گے۔ ہر ایک آدمی کو حق ملنا اور کرپشن کو ختم کرنے کیلئے یہ چاہیے کہ ہمارا لائحہ عمل ہو۔ میں مختصر کرتا ہوں چونکہ پانچ سال ہم آپکو انشاء اللہ کہتے رہیں گے، ہم آپ کو تجاویز دیتے رہیں گے۔ جب تک مالی اعتبار سے کرپشن ختم ہمارے صوبے میں نہیں ہوگا اسوقت تک ایک قدم بھی ہم آگے کی طرف نہیں جا سکیں گے بلکہ دس قدم ہم پیچھے کی طرف بھاگ جائیں گے۔ مالی معاملات کو صحیح اور درست سمت پر متعین کرنے کا میرا مطلب یہ ہے، مثلاً پیٹرول کو دیکھیں، آئل کو دیکھیں کہ کتنے آگے ہیں لیکن اس کا اثر ہمارے جو کارخانہ دار ہیں جو پروڈکشن کو پیدا کرنے والے لوگ ہیں، ہمارے بشیر بلور صاحب وغیرہ ہیں، اور ہم ہیں، ہم بھی تاجر لوگ ہیں، ہم پر کوئی کسی قسم کی ذمہ داری نہیں آئے گی، اگر آئے گی تو، اگر یہ تکلیف ہوگی تو ملازمین طبقے پر ہوگی۔ ایک آدمی کے Monthly اخراجات بیس ہزار اس کا بجٹ ہو اور جب اس کو ملیں گے دس ہزار، ظاہر بات ہے کہ وہ کرپشن کرے گا۔ جب تک ہمارے ملازمین کی تنخواہوں میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہو اور اضافہ کرنے کی کی لئے ہم Bound ہوں گے، ہماری گورنمنٹ Bound ہونی چاہیے۔ جب تک یہ Bound نہ ہو، جب تک ہمارے ملازمین کی تنخواہوں میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہو اسوقت تک میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک میں، ہمارے صوبے میں کرپشن ختم نہیں ہوگا۔ جب کرپشن ختم نہیں ہوگا تو عدل و انصاف نہیں آئے گا، جب عدل وانصاف نہیں آئے گا ہم آگے کی طرف نہیں جا سکیں گے، ہم پیچھے کی طرف جائیں گے۔ یہ ایک مختصر سی بات میں نے آپ کے سامنے رکھی ہے۔ انشاء اللہ آج تک، آئندہ اس پر چلتے رہیں گے۔ بہت مہربانی، شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب عطیف خان۔

جناب عطیف الرحمان: قابل محترم سپیکر صاحب! زه د خپله جانبه، د پارټۍ د مشرانو د طرف نه تاسو ته بحیثیت سپیکر او خوشدل خان ته بحیثیت ډپټی سپیکر په بلا مقابله کامیابۍ باندے مبارکی درکوم او زمونږ د دے صوبه پختونخواه چه څومره منتخب ممبران دی، دوئ ته د زړه د کومی مبارکباد ورکوم او چه دا کوم روایات زمونږ په دے صوبائی اسمبلۍ کښې کېښودلے شو د جرګے په ذریعه سره نو دا یقینی خبره ده چه نن زمونږ په دے صوبه کښې چه کوم حالات

راپیښ شوے دی نو دا هغه طرف ته د امن یو پیغام دے چه نن مونږ ټول د لته کښ د وروروليُ په يو ماحول کښ راغونډ شوے يو او سپيکر صاحب او ډپټي سپيکر د دے جرگے په شکل کښ بلا مقابله کامیاب شو نو انشاءاللّٰه زه دا یقین لرم چه څنگه په دے مسئله کښ دا ټول هاؤس منتخب شوے دے نو زمونږ په دے صوبه کښ چه دا کوم حالات راپیښ دی، زمونږ په دے خاوره باندے خاصکر پښتنو ته، نو انشاءاللّٰه دا مسئله به مونږه داسے په جرگو سره حل کوؤ لکه چه څنگه مونږه نن د خپل سپیکر صاحب او ډپټي سپیکر انتخاب اوکړلو۔ زه یو وارے بیا تاسو له په دے معززه کرسئ باندے مبارکباد درکوم۔ ډیره ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔بی بی نرگس سمین، لیکن پھر ایک گزارش ہے کہ خالی خوشی اور مبارکباد کی حد تک، مسائل جو بھی ہیں وہ اگلے، انشاءاللہ پانچ سال پڑے ہیں، اس میں Discuss ہوں گے۔ Thank you۔

محترمہ نرگس سمین: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب! میں آپ کو اور ڈپٹی سپیکر کو دل کی گہرایوں سے مبارکباد دیتی ہوں اور دعا گو ہوں کہ اس معزز ایوان کو آپ خوش اسلوبی سے چلائیں اور ہر ایک کو بولنے کا موقع دیں گے اور میں اپوزیشن کے قائدین کو مبارکباد پیش کرتی ہوں جنہوں نے جرگے کے روایات کو زندہ رکھا اور آپ کو، ڈپٹی سپیکر کو اور وزیراعلیٰ کو بلامقابلہ منتخب کرنے میں اپنی خواہشات کا اظہار کیا اور جرگے کے احترام کو زندہ رکھا تاکہ ملک میں استحکام، امن قائم ہو اور مہنگائی کا سدباب ہو سکے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: سید قلب حسن۔ بسم اللہ کریں قلب حسن صاحب۔

سید قلب حسن: جناب سپیکر، زه تاسو ته او ډپټي سپیکر خوشدل خان ایډوکیټ ته مبارکباد پیش کومه او کوم طریقے سره چه د دے ابتداء اوشوه نو زه دا امید لرمه چه انشاءاللّٰه دا اسمبلی به د صوبے د مفاد د پاره، د غریب عوام د پاره ایمانداریٔ سره او خلوص سره کار کوی اور دلته سر، یوه خبره به اوکړمه چه دا مونږ سره ډیره یو ښه موقع ده چه صوبائی سطح باندے چه کوم حکومت دے، هم دغه حکومت د پاکستان پیپلز پارټیٔ، مسلم لیگ (ن) او ایم ایم اے، اے این پی، د ټولو په مرکزکښ هم اتفاق دے نو زه امید لرمه چه دا کوم قدم زمونږ

مشرانو، زمونږ لیډرانو اغستے دے هغے کښ به دے ملک ته هم فائده وی او صوبے ته هم فائده وی۔ ډیر مشکور یم، مهربانی جی۔

جناب سپیکر: جناب مخدوم زادہ مرید کاظم صاحب۔

سید مرید کاظم شاہ: جناب سپیکر صاحب، میں آپ کو اور جناب خوشدل خان کو بلا مقابلہ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اس تمام ایوان کو بھی جنہوں نے کل حلف اٹھایا ہے، ان تمام بھائیوں کو بھی اپنے انتخاب میں کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ جناب سپیکر صاحب! آپ پر جو ذمہ داری عائد ہوئی ہے بلا مقابلہ منتخب ہونے سے، یہ ایک بہت بھاری ذمہ داری ہے اور میں اس ذمہ داری کے متعلق آپ سے عرض کرونگا کہ یہ ایک بوجھ ہے اور خدا کرے کہ اس بوجھ کو آپ سنبھال سکیں کیونکہ سپیکر Custodian ہوتا ہے اور تمام ممبران کا اس پر ایک اعتماد ہوتا ہے۔ آپ ایک برج ہوتے ہیں گورنمنٹ اور ممبران صاحبان کے درمیان جی اور میں یہ امید رکھونگا کہ آپ اس بوجھ کو اچھے اور احسن طریقے سے چلائیں گے اور جو روایت صوبہ سرحد کی ہے، اس کو قائم رکھیں گے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں دوبارہ آپ کو اور خوشدل خان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جی۔

جناب سپیکر: تھینک یو جی۔ زرقا بی بی۔

محترمہ زرقا: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب سپیکر، میں آپ کو اور ڈپٹی سپیکر کو بلا مقابلہ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتی ہوں اور اس کے ساتھ اپوزیشن لیڈرز اور ممبران کو بھی مبارکباد پیش کرتی ہوں کہ انہوں نے جمہوری عمل میں پہلا قدم اٹھایا اور جس طرح اپوزیشن نے آپ پر اعتماد کیا ہے اسی طرح آپ سے بھی امید رکھتی ہوں کہ آپ بھی پورے انصاف کا مظاہرہ کریں گے اور اپوزیشن کو ان کا حق دلائیں گے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب فضل اللہ خان۔

جناب فضل اللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میں اپنے اور اپنے آزاد پارلیمانی گروپ کی طرف سے آپ کو اور ڈپٹی سپیکر صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ انشاء اللہ ہاؤس کو چلانے میں ہم آپکے ساتھ بھرپور تعاون کریں گے۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: اقلیتوں سے جناب پرنس جاوید صاحب۔

جناب پرنس جاوید: میں خداوند تعالیٰ کے مقدس اور جلالی نام سے شروع کرتا ہوں۔ جناب سپیکر، آپ اور ڈپٹی سپیکر کا جو بلا مقابلہ انتخاب ہوا ہے اور گزشتہ روز تمام جن ممبران اسمبلی نے حلف اٹھایا ہے،

آپ سب کو میں اپنے اور صوبہ سرحد کی تمام اقلیتوں کی جانب سے دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ جناب سپیکر! جمہوریت جو فروغ پارہی ہے، یہ محترمہ بے نظیر بھٹو کا عزم تھا۔ اسی وسیلے سے میں آج اس فلور پر ہوں اور محترمہ بے نظیر بھٹو کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: جناب خوشدل خان صاحب۔

## جناب ڈپٹی سپیکر کی طرف سے سپاس تشکر

جناب خوشدل خان (ڈپٹی سپیکر): بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ زه د ټولو نه اول د معزز اراکین اسمبلئ شکریه ادا کوم چه دوئ کوم په ما اعتماد اوکړو نو زه د دوئ ډیر زیات مشکور یمه او ورسره زه خپل مشر ورور سپیکر کرامت اللہ خان له مبارکی ورکوم چه هغوی هم بلا مقابله اوشو او زه هغوی ته د خپل طرف نه مبارکی ورکوم۔ زه خپلو معزز اراکینو ته یقین دهانی ورکوم چه انشاءاللہ دا هاؤس به زه د آئین، د قانون، د قواعد و انضباط او د پروسیجر مطابق چلومه، انشاءاللہ زما به پوره پوره تعاون وی او بلا تفریق او بلا امتیاز به انشاءاللہ زه خپل فرائض منصبی ادا کومه۔ زه به ایمانداری سره کار کومه، هیڅ قسم، مطلب دا دے چهDiscrimination به نه وی نو زه ستاسو یو ځل بیا د زړه د اخلاصه شکریه ادا کرم او ورسره ورسره زه خصوصاً د اپوزیشن لیډرانو، جناب اکرم خان درانی صاحب، د صابر شاه صاحب، د سکندر شیر پاؤ صاحب او د پرویز خټک صاحب د زړه د اخلاصه شکریه ادا کوم چه کومو مشرانو زمونږه د پارلیمانی لیډر بشیر خان صاحب په قیادت او د رحیم داد خان په قیادت باندے کومے جرگے اوکړے او دهغوی دا جرگے ئے اومنلے او په دے هاؤس کښې ئے د اتحاد فضاء قائم کړه او دغسے د هغوی په تعاون باندے او دهغوی په مرسته زما او زما د مشر ورور سپیکر کرامت اللہ خان انتخاب بلامقابله اوشو نو زه دهغوی ټولو شکریه ادا کوم۔ والسلام۔

## جناب سپیکر کی طرف سے سپاس تشکر

جناب سپیکر: میں جناب، پہلے جناب عبدالاکبر خان نے جو ایک اہم بات کی طرف توجہ مبذول کرائی تھی کہ حلف لیتے وقت میں نے بسم اللہ نہیں پڑھی گئی تو میں تھوڑی سی وضاحت کرتا ہوں کہ جب میں پہلا Stepاس ڈائس پر رکھ رہا تھا تو میں نے پہلے بسم اللہ الرحمان الرحیم سے شروع کیا۔ ہاتھ میں فائل

تھی اور اس کے بعد جناب پریذائیڈنگ آفیسر نے مجھ سے حلف جو بھی تھا، وہ لیا۔ اب چونکہ نماز کا وقت بھی ہوا چاہتا ہے اور آپ لوگ بھی، عبدالاکبر خان چائے کے وقفے کیلئے کہہ رہے ہیں تو میں اس سے پہلے دو چار الفاظ آپ لوگوں کے شکریے کے جواب میں کہنا چاہونگا۔ میں آپ سب کو صوبہ سرحد کے اس جمہوری اور منتخب ایوان میں خوش آمدید کہتا ہوں، آپ سب اس ایوان کے نمائندے منتخب ہوئے اور نہایت ہی اہم ذمہ داریاں لیکر اس ایوان میں آئے۔ ان ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کیلئے میں اپنے رب سے دعا گو ہوں اور آپ سب کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ آپ سب کا شکر گزار بھی ہوں کہ مجھے آپ نے اس ایوان کی سربراہی کیلئے بلا مقابلہ منتخب کیا اور میرے رفیق خوشدل خان کو بھی عزت بخشی۔ خداوند کریم ان کو اور مجھے توفیق عطا فرمائے کہ ہم آپ کی توقعات پر پورا اتر سکیں اور ضمیر کی عدالت میں سرخرو ہو سکیں۔ آج سے میں تمام سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر اس ایوان کا سپیکر بنا ہوں (تالیاں) انشاء اللہ آپ دیکھیں گے کہ میرا قول و فعل مکمل غیر جانبدارانہ ہو گا (تالیاں) اور میری اپنے رب کریم سے یہ دعا ہے کہ مجھے صراط مستقیم پر چلائیں اور بلا امتیاز صحیح اور قوم و ملک کے مفاد میں فیصلے کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اس کام میں آپ کا تعاون بھی چاہونگا کہ مجھے کسی ایسی آزمائش میں نہ ڈالیں جس سے مجھے اور آپ کو قوم اور اللہ کے حضور سر جھکا کر جانا پڑے۔ موجودہ سیاسی صورتحال میں ہمارے ملک کی جتنی بھی سیاسی جماعتیں اور آزاد اراکین ہیں، میں ان کی سیاسی بصیرت کو داد دیتا ہوں اور اس بات کا اعتراف کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنے صوبے کی مخدوش حالات کا جائزہ لیکر ایک ساتھ چلنے کا جو متفقہ فیصلہ کیا ہے وہ یقیناً تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھا جائے گا۔ سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کا بلا مقابلہ منتخب ہونا اس بات کی روشن دلیل ہے کہ اس ایوان میں محض مخالفت برائے مخالفت کی سیاست کا راستہ روکا گیا ہے اور ایک صحت مند اور مثبت روایت ڈالی گئی ہے۔ انشاء اللہ آپ نے جو اعتماد کیا ہے تو ہماری کوشش ہوگی کہ اس اعتماد پر پورا اتر سکیں۔ ہمارے ارادے نیک ہیں، مقصد واضح ہے، اللہ تعالیٰ تبارک ہمیں سرخرو کرے۔ میں آج آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ کے تمام حقوق کا خیال رکھا جائے گا اور کوئی امتیازی سلوک نہیں برتا جائے گا۔ اگر آپ سب کی اور اللہ کی مدد شامل حال رہی تو انشاء اللہ یہ ایوان ایک مثالی ایوان ہو گا پورے ملک میں۔ آج خوشی کا دن ہے کہ ہمارے ملک میں جمہوریت کی گاڑی پھر سے چل پڑی ہے۔ اس دن کیلئے ہمیں بہت سی مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑا، کسی نے قید و بند کی صعوبتیں اٹھائیں تو کسی کو جلاوطنی کا عذاب سہنا پڑا۔ یہاں تک کہ ہماری شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے اپنے والد کی

سنت پر عمل پیرا ہو کر جان کا نذرانہ جمہوریت کیلئے پیش کیا (تالیاں) ان کے ساتھ سینکڑوں سیاسی کارکنوں نے جام شہادت نوش کیا۔ ہمارے اس صوبے میں بھی کافی ہمارے بھائیوں نے جام شہادت نوش کیا، ان سب شہیدان جمہوریت کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی۔ جس قوم کے شہید لہو کا نذرانہ دیتے ہیں، وہاں بہار ضرور آتی ہے اور آج یہ آپ اور ہم جو ادھر بیٹھے ہیں اس بہار کی شروعات ہیں۔

معزز اراکین! ایک اور اہم نکتہ آپ کے گوش گزار کرتا چلوں کہ آج سے پہلے جتنے بھی ممبران منتخب ہو کر اس اسمبلی میں آئے، ان کے حالات ایسے نہ تھے جیسے اب ہیں۔ ہمارے ملک اور خصوصاً صوبے میں حالات کچھ ایسے مثالی نہیں ہیں اس لئے ذمہ داری دوسروں کی نسبت ابھی تھوڑی زیادہ بڑھ گئی ہے۔ ہم نے ہر فیصلہ سوچ سمجھ کر ملک و قوم کے وسیع تر مفاد میں کرنا ہوگا۔ مسائل کو بات چیت، صلح جوئی اور اپنے صوبے کے اقدار و روایات کو مدنظر رکھ کر حل کرنا ہوگا۔ سب سے بڑی بات یہ کہ ہمیں ماضی کے مقابلے میں کہیں زیادہ بردباری کا مظاہرہ کرنا ہوگا تاکہ ہم اس مٹی کے ان عظیم بزرگوں کی روایات کو از سرِ نو زندہ کر سکیں جو ہمارے پختونوں کی پہچان ہوا کرتی تھی کہ قومی اور صوبائی ایوانوں میں ہم آہنگی، باہمی ہم آہنگی سے چلیں۔ آج ایک اور بات بھی سب کے گوش نشین کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ آج پوری دنیا ایک Global village بن چکی ہے، پوری دنیا کی نظریں آج ہم پر لگی ہوئی ہیں، خصوصاً ہمارے صوبے پر۔ آپ سب خدا کے فضل و کرم سے تعلیم یافتہ اور سیاسی دانش رکھنے والے لوگ ہیں اس لئے ذاتی نظریات، رنجشوں کو بھلا کر اخلاقی اقدار اور روایات کو پروان چڑھانا چاہیئے جس طرح آج آپ لوگوں کے یہ فیصلے آئے۔ اپنی تقریروں میں ہمیں اپنی تہذیبی اقدار کو فراموش کبھی بھی نہیں کرنا چاہیئے اور نہ ہی کوئی ایسی مثال قائم کرنا چاہیئے جس سے ہماری آنے والی نسل ہمارا تمسخر اڑائے بلکہ ہمیں اپنی پارلیمانی تہذیب کی بنیاد ڈالنی ہے جس کی مثالیں بعد میں آنے والی نسلیں بھی Quote کر سکیں۔ آپ سب خوش قسمت ہیں کہ ایک نیک کام اور نیک جذبہ کے ساتھ اپنا قیمتی وقت اور صلاحیتیں قوم کی فلاح و بہبود کیلئے صرف کر رہے ہیں جس کا صلہ یقیناً بہت زیادہ ملنا چاہیئے لیکن ہمارے صوبے میں وسائل کی کمی کی وجہ سے اس کا کوئی خاص صلہ نہیں مل پاتا لیکن نیکی اور خدمت کے کاموں کے بعد جو روحانی تسکین ملتی ہے اس کے سامنے یہ سارے مادی فوائد کچھ معنی نہیں رکھتے۔ ماضی کی اچھی روایات کو ساتھ لیکر چلیں گے اور جو روایات اچھا تاثر نہ چھوڑ سکیں، ان کو ترک کرنا پڑے گا۔ میری آپ سے استدعا ہے کہ ایوان کا وقت بے حد قیمتی ہوتا ہے، وقت کی پابندی ہماری سہولتوں میں اضافہ کرے گی اور آپ اور ہم بہتر منصوبہ بندی

کر سکیں گے۔ ایک بات اور، ہر کام میں میرٹ اور قانون کی پاسداری اگر کریں تو جو غلط تاثر پہلے ہمارے ایوان کے نمائندوں کے بارے میں کچھ لوگوں کے ذہنوں میں ہے وہ زائل ہوگا۔ اس ایوان کا ہر ممبر میرے لئے معزز ہے اور آپ یقیناً وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس عزت کو محسوس کرلیں گے۔ جمہوریت کی بحالی کیلئے ہمیں میڈیا کی قربانیوں کا احساس ہے، ان کی قربانیاں شامل حال نہ ہوتیں تو شاید ہمیں یہ دن اتنا جلد نہ ملتا۔ ہم میڈیا کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور ان سے یہ توقع بھی کرتے ہیں کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرکے معاشرے کو حقیقی جمہوریت اور امن وامان کی طرف لے کر جائیں گے۔ آپ ہمارے بہترین ناقد ہیں۔ اس ایوان میں صحافیوں کیلئے کل ہر گیلری پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا کیلئے ہم نے مختص کی تھی۔ یہاں تک کہ سپیکر گیلری بھی آپ لوگوں کو دی گئی، اب ہم آپ سے بھی توقع رکھتے ہیں کہ معاشرے کی بہتری اور ترقی میں آپ بھی اپنا مثالی کردار ادا کریں۔ خاص کر ہمارے صوبے کے موجودہ امن وامان کے لحاظ سے دیگر گوں حالات میں سنسنی خیزی کا یہ معاشرہ اور متحمل نہیں ہو سکتا، اس سے ممکن حد تک اجتناب کیا جائے۔ خواتین اراکین کا بھی میں ضرور شکریہ ادا کرونگا جو ہمارے ملک کی تقریباً 52 فیصد آبادی کی نمائندگی کرتی ہیں۔ معاشرے کو سدھارنے میں خواتین کے کردار سے انکار کسی طور پر ممکن نہیں ہے۔ اس معزز ایوان میں بھی خواتین کی بھرپور شرکت ہماری ترجیحات میں شامل ہیں اور خواتین کو بھی دیگر ممبران کے مساوی مواقع دینے کی میں کوشش کر رہا ہوں اور کرونگا۔ (تالیاں) دوستو! اقلیتی برادران کا اگر ذکر نہ کریں تو زیادتی ہوگی، ان کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں۔ آپ لوگ ہمارے لئے محترم ہیں، آپ کے حقوق کا خاص خیال رکھا جائے گا۔ ہم اپنے اسمبلی سٹاف، پولیس انتظامیہ اور جن لوگوں نے ہمارے اس اجلاس کو منعقد کرنے میں بہترین انتظامات کئے ہیں، اس کے علاوہ اسمبلی کے سیکیورٹی سٹاف اور سارے Administrative staff، ان سب کا بھی اس ایوان کے توسط سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آخر میں اس معزز ایوان کے تمام اراکین کا ایک ساتھ پھر شکریہ ادا کرتا ہوں ایک بار اور اتنک کوشش کرونگا کہ آپ کے تعمیری جذبے کی تکمیل کریں گے انشاء اللہ۔ عوام و جمہوریت زندہ باد، پاکستان پائندہ باد۔ (تالیاں) وقت چونکہ بہت مختصر ہے اس لئے اجلاس، جو دوست بھائی رہ گئے ان سے میں معافی چاہتا ہوں۔ انشاء اللہ آپ کے جذبات، سارے ہاؤس کے جذبات ہم تک بھی پہنچ گئے، سب دوست بھائیوں تک پہنچ گئے۔ یہ اکٹھی زندگی ہے انشاء اللہ ملتے رہیں گے اور میں آپ کے نیک جذبات کی قدر کرتا ہوں اور اگلے اجلاس تک کیلئے اس اسمبلی کو Prorogue کرتا ہوں۔ اس

فرمان کی رو سے میں اجلاس کو غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کرتا ہوں۔ Thank you very much۔

---

(اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی ہو گیا)

ضمیمہ الف

## سپیکر صوبائی اسمبلی

(آرٹیکل 65 اور 127)

**بسم اللہ الرحمان الرحیم**

میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صدق دل سے حلف اٹھاتا ہوں کہ میں خلوص نیت سے پاکستان کا حامی و وفادار رہوں گا:

کہ بحیثیت سپیکر صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ میں، اپنے فرائض و کارہائے منصبی ایمانداری، اپنی انتہائی صلاحیت اور وفاداری کے ساتھ، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، قانون اور اسمبلی کے قواعد کے مطابق اور ہمیشہ پاکستان کی خود مختاری، سالمیت، استحکام، بہبودی اور خوشحالی کی خاطر انجام دوں گا:

کہ میں اسلامی نظریہ کو برقرار رکھنے کے لئے کوشاں رہوں گا جو کہ قیام پاکستان کی بنیاد ہے:

کہ میں اپنے ذاتی مفاد کو اپنے سرکاری کام یا اپنی سرکاری فیصلوں پر اثر انداز نہیں ہونے دوں گا:

کہ میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کو برقرار رکھوں گا اور اس کا تحفظ اور دفاع کروں گا:

اور یہ کہ میں ہر حالت میں ہر قسم کے لوگوں کے ساتھ، بلا خوف و رعایت اور بلا رغبت و عناد، قانون کے مطابق انصاف کروں گا۔

اللہ میری مدد اور راہنمائی فرمائے (آمین)۔

ضمیمہ ب

ڈپٹی سپیکر صوبائی اسمبلی

(آرٹیکل 65 اور 127)

**بسم اللہ الرحمان الرحیم**

میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صدق دل سے حلف اٹھاتا ہوں کہ میں خلوص نیت سے پاکستان کا حامی و وفادار رہوں گا:

کہ بحیثیت سپیکر صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ میں، اپنے فرائض وکارہائے منصبی ایمانداری، اپنی انتہائی صلاحیت اور وفاداری کے ساتھ، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، قانون اور اسمبلی کے قواعد کے مطابق اور ہمیشہ پاکستان کی خود مختاری، سالمیت، استحکام، بہبودی اور خوشحالی کی خاطر انجام دوں گا:

کہ میں اسلامی نظریہ کو برقرار رکھنے کے لئے کوشاں رہوں گا جو کہ قیام پاکستان کی بنیاد ہے:

کہ میں اپنے ذاتی مفاد کو اپنے سرکاری کام یا اپنی سرکاری فیصلوں پر اثرانداز نہیں ہونے دوں گا:

کہ میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کو برقرار رکھوں گا اور اس کا تحفظ اور دفاع کروں گا:

اور یہ کہ میں ہر حالت میں ہر قسم کے لوگوں کے ساتھ، بلاخوف ورعایت اور بلارغبت وعناد، قانون کے مطابق انصاف کروں گا۔

اللہ میری مدد اور راہنمائی فرمائے (آمین)